Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | بدھ 22 جولائی 2026ء، 07 صفر 1448ھ، صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 121

حکومت سندھ انشورنس صنعت کی اہمیت کے کردار سے بخوبی آگاہ ہے، وزیر اعلیٰ

حکومت مختلف اسکیموں کے ذریعے انشورنس کی سہولت عام شہری تک پہنچانے کے لیے کوشاں ہے، مشیر وزیر خزانہ عدنان پاشا کا کراچی میں پہلی انٹرنیشنل انشورنس کانفرنس سے خطاب

صوبے میں دو لاکھ سے زائد گاڑیوں کو تھرڈ پارٹی موٹر انشورنس فراہم کی جا چکی ہے، جبکہ کسانوں کو ریلیف دینے کے لیے فصلوں کی انشورنس کو سیلز ٹیکس سے بھی مستثنیٰ قرار دیا گیا، مراد علی شاہ



کراچی (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ حکومت سندھ انشورنس صنعت کی اہمیت اور ملکی معیشت میں اس کے کلیدی کردار سے بخوبی آگاہ ہے اور اس شعبے کی ترقی، استعداد کار میں اضافے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقدہ پہلی انٹرنیشنل انشورنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ انگیج ریل اسٹڈیز میں نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی خوش آئند ہے اور حکومت اس شعبے میں تعلیم، تربیت اور پیشہ ورانہ مہارت کے فروغ کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مشترکہ اقدامات کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت ملک کی پہلی صوبائی حکومت ہے جس نے تھرڈ پارٹی موٹر وہیکل انشورنس متعارف کرائی، جس کے تحت ٹریفک حادثات میں جاں بحق یا مستقل معذور ہونے والے افراد کے اہل خانہ کو 45 روز کے اندر انشورنس کلیمز کی ادائیگی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ مراد علی شاہ نے بتایا کہ اب تک صوبے میں دو لاکھ سے زائد گاڑیوں کو تھرڈ پارٹی موٹر انشورنس فراہم کی جا

(بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



آپریشن شعبان

دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن معرکہ

بلوچستان میں امن کی نئی امید

کوئٹہ: بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جاری ریاستی عزم ایک نئے سنگِ میل کے بنیادی ڈھانچے کا مکمل خاتمہ تھا۔ دس روز کاروں، لاجسٹک نیٹ ورک اور دہشت گردی کمین گاہیں تباہ ہوئیں، رسد کے راستے منقطع کیے گئے اور ان کی نقل و حرکت کو مؤثر طور پر مضبوط کیا اور یہ پیغام دیا کہ بلوچستان میں امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو سبوتاژ کرنے کی کے قبائلی عمائدین، معززین اور مقامی عوام نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، اداروں کے ساتھ تعاون کے لیے وہ اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ آپریشن شعبان

جرات اور قربانیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ مختلف اضلاع میں ہونے والی ملاقاتوں اور مشاورتی نشستوں کے دوران قبائلی رہنماؤں نے دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ امن و استحکام کے قیام، دہشت گرد عناصر کی نشاندہی اور ریاستی ذرائع رسد، موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں قبضے میں لے لی گئیں، جس سے دہشت گرد نیٹ ورک کی عملی صلاحیت کو نمایاں نقصان پہنچا۔ عوام اور قبائلی عمائدین کا اعتماد، ریاست کے ساتھ یکجہتی آپریشن شعبان کی کامیابی پر بلوچستان بھر نے واضح کر دیا کہ ریاستی ادارے محدود کر دیا گیا۔ آپریشن کے ہر مرحلے میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں تسلسل کے ساتھ پر محیط اس وسیع آپریشن میں جدید انٹیلی جنس، فضائی

میں تبدیل ہو گیا، جہاں پاک فوج، ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور بلوچستان پولیس کی مشترکہ اور مربوط کارروائی "آپریشن شعبان" کامیابی کے ساتھ مکمل ہوئی۔ 5 جولائی کو مانگی ڈیم پولیس اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گرد حملے کے بعد شروع کیے گئے اس بڑے آپریشن کا مقصد دہشت گرد تنظیموں، ان کے محفوظ ٹھکانوں، سہولت نگرانی، ہیلی کاپٹر آپریشنز اور زمینی دستوں کی مربوط حکمتِ عملی کو بروئے کار لایا گیا۔ دشوار گزار پہاڑی سلسلوں، گہری وادیوں اور دہشت گردوں کی خفیہ پناہ گاہوں کو انتہائی مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں دہشت گردوں کو بھاری جانی اور تنظیمی نقصان اٹھانا پڑا۔ متعدد انداز میں غیر فعال بنایا، جس سے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کی کوششوں کو نئی تقویت ملی۔ آپریشن کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود، بارودی کا مواد (IEDs)، مواصلاتی آلات، کمین گاہیں، جاری رہیں، جس کی بدولت دہشت گردوں کی منصوبہ بندی، رابطہ کاری اور کارروائی کی صلاحیت کو شدید متاثر کیا۔ سیکیورٹی فورسز نے نہ صرف ان کے محفوظ ٹھکانوں کو ختم کیا بلکہ ان کے سہولت کاری اور لاجسٹک نظام کو بھی مؤثر دہشت گردی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ سیکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام، عوام کے محفوظ مستقبل اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں پوری قوت اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی، اور دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد ہر قیمت پر اپنے منطقی انجام تک پہنچائی جائے گی





EDITORIAL PAGE

ادارتی صفحہ

یوم الحاقِ پاکستان تجدیدِ عہد، تکمیلِ پاکستان کی علامت!



اظہار خیال

عدنان مختار

19 جولائی تاریخ کشمیر کا ایک ایسا درخشاں باب ہے جو اہل جموں و کشمیر کی پاکستان سے والہانہ محبت، نظریاتی وابستگی اور حق خودارادیت کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔ 19 جولائی 1947ء کو سری نگر میں آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے تاریخی اجلاس میں متفقہ طور پر قراردادِ الحاق پاکستان منظور کی گئی۔ اس قرارداد کے ذریعے ریاست کے مسلمانوں نے اپنی مذہبی، جغرافیائی، ثقافتی اور معاشی وابستگی کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کے ساتھ الحاق کے عزم کا اظہار کیا۔ یہی تاریخی فیصلہ آج بھی کشمیری عوام کی سیاسی جدوجہد اور قومی امنگوں کی بنیاد ہے۔ قیام پاکستان سے قبل برصغیر کی تقسیم کے اصول کے مطابق مسلم اکثریتی علاقوں کو پاکستان کا حصہ بننا تھا۔ جموں و کشمیر بھی ایک مسلم اکثریتی ریاست تھی، لہٰذا اس کے عوام کی اکثریت کی خواہش تھی کہ ریاست پاکستان کے ساتھ شامل ہو۔ 19 جولائی 1947ء کی قرارداد اسی عوامی امنگ اور نظریاتی وابستگی کی واضح ترجمان تھی۔ بدقسمتی سے تقسیم ہند کے بعد کشمیر کا مسئلہ ایک پیچیدہ بین الاقوامی تنازع میں تبدیل ہوگیا۔ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حق، یعنی حق خودارادیت، کے حصول کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں لاکھوں کشمیری شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جبکہ ہزاروں افراد زخمی، لاپتہ اور بے گھر ہوئے۔ ان تمام قربانیوں کے باوجود کشمیری عوام کے حوصلے اور پاکستان سے محبت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ پاکستان ہر سال 19 جولائی کو یوم الحاق پاکستان کے طور پر مناتا ہے تاکہ کشمیری عوام کے اس تاریخی فیصلے کو خراج تحسین پیش کیا جا سکے اور دنیا کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ڈپٹی کمشنر بھمبر چوہدری محمد طارق کے احکامات پر اس دن کو منانے کے حوالہ سے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ اس موقع پر آزاد جموں و کشمیر سمیت پاکستان بھر میں خصوصی تقریبات، سیمینارز، ریلیاں اور دعائیہ اجتماعات منعقد کیے جاتے ہیں جن میں شہدائے کشمیر کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی ضرورت پر زور دیا جاتا ہے۔ یوم الحاق پاکستان ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ کشمیر صرف ایک جغرافیائی خطہ نہیں بلکہ برصغیر کی تقسیم کے نامکمل ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ اقوام متحدہ کی متعدد قراردادیں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی تائید کرتی ہیں، تاہم ان پر عملدرآمد آج بھی ایک اہم عالمی ذمہ داری ہے۔ عالمی برادری پر لازم ہے کہ وہ کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ اس دن پر ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم کشمیری عوام کے جائز حقوق، آزادی اور انصاف کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ قومی اتحاد، یکجہتی اور باہمی ہم آہنگی ہی وہ قوت ہے جو پاکستان کو مضبوط اور کشمیر کے عوام کے لیے امید کا سرچشمہ بناتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پاکستان کو امن، استحکام اور ترقی عطا فرمائے، کشمیری عوام مسلح افواج پاکستان کی قربانیوں کو قبول کرے، مقبوضہ وادی کے بے گناہ مسلمانوں کو آزادی اور انصاف کی نعمت سے نوازے، اور دونوں خطوں کے درمیان محبت، بھائی چارے اور خیر و برکت کے رشتے کو ہمیشہ قائم رکھے پاکستان زندہ باد کشمیر بنے گا پاکستان

مہنگا پٹرول، سستی زندگی اور صبر کا سرکاری نسخہ!



قیصر نورین خان

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اب ہمارے ملک میں کوئی غیر معمولی خبر نہیں رہا، بلکہ ایسا لگتا ہے جیسے ہر پندرہ دن بعد قوم کے صبر کا امتحان لینے کی ایک سرکاری روایت بن چکی ہو۔ عوام ابھی پچھلے اضافے کا حساب مکمل بھی نہیں کر پاتے کہ نئے اضافے کا اعلان آ جاتا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ مہنگائی اب معاشی مجبوری نہیں بلکہ قومی پالیسی کا مستقل عنوان بن چکی ہے۔ اہم خبریں

پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو حکومت اسے ایک معاشی ضرورت قرار دیتی ہے، لیکن بازار اسے ایک سنہری موقع سمجھتا ہے۔ دودھ والے کو بھی پٹرول یاد آ جاتا ہے، سبزی فروش بھی ایندھن کا رونا روتا ہے، دکاندار بھی نئی قیمتوں کے اسٹیکر چھاپ لیتا ہے اور ٹرانسپورٹر تو جیسے پہلے ہی تیار بیٹھے ہوتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اگر کبھی عالمی منڈی میں تیل سستا ہو جائے تو ہماری منڈیوں کو شاید یہ خبر پہنچتے میں کئی مہینے لگ جاتے ہیں، لیکن مہنگائی کی خبر چند منٹوں میں پورے ملک کا چکر لگا لیتی ہے۔

حکومتی بیانات بھی اپنی جگہ ایک دلچسپ داستان ہیں۔ عوام کو بتایا جاتا ہے کہ یہ سب "ملکی مفاد" میں ہو رہا ہے، "معیشت کو بچانے" کے لیے ضروری ہے اور "مشکل فیصلے" لینے پڑتے ہیں۔ سوال صرف اتنا ہے کہ یہ مشکل فیصلے ہمیشہ عام آدمی کے حصے میں ہی کیوں آتے ہیں؟ کیا ایوانوں کی آسائشیں کبھی قومی مفاد کے راستے میں رکاوٹ نہیں بنتیں؟ کیا کفایت شعاری کا دروازہ صرف غریب کے گھر ہی کھلتا ہے؟

ملک کا سفید پوش طبقہ آج سب سے زیادہ بے آواز ہو چکا ہے۔ نہ وہ امداد مانگ سکتا ہے، نہ احتجاج اس کا مزاج ہے۔ وہ صرف خاموشی سے اپنی خواہشات کا گلا گھونٹتا رہتا ہے۔ پہلے گوشت دسترخوان سے غائب ہوا، پھر پھل، پھر معیاری تعلیم ایک خواب بنی، اب تو کئی گھروں میں سفر بھی سوچ سمجھ کر کیا جاتا ہے کہ کہیں پٹرول کا خرچ مہینے کا بجٹ نہ بگاڑ دے۔

ادھر ناجائز منافع خور بھی قومی خدمت میں کسی سے پیچھے نہیں۔ حکومت قیمت بڑھاتی ہے تو وہ اس سے دو قدم آگے نکل جاتے ہیں۔ سرکاری اعلان دس روپے کا ہوتا ہے، بازار پچاس روپے کا اثر دکھا دیتا ہے۔ پوچھنے والا کوئی نہیں، روکنے والا کوئی نہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ قانون صرف کمزور کے لیے زندہ ہے اور طاقتور کے لیے محض ایک مشورہ۔

افسوس اس بات کا نہیں کہ ملک معاشی مشکلات سے گزر رہا ہے۔ مشکل حالات دنیا کے کئی ممالک پر آتے ہیں۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ان مشکلات کی قیمت ہر بار وہی لوگ ادا کرتے ہیں جنہوں نے نہ معاشی پالیسیاں بنائیں، نہ قرضے لیے اور نہ ہی قومی وسائل کے فیصلے کیے۔ ان کا جرم صرف اتنا ہے کہ وہ اس ملک کے عام شہری ہیں۔

یہ بھی عجیب المیہ ہے کہ عوام سے صبر، برداشت اور قربانی کی اپیل تو بار بار کی جاتی ہے، مگر اقتدار کے ایوانوں میں قربانی کی مثالیں کم ہی دکھائی دیتی ہیں۔ اگر قوم کو کفایت شعاری کا سبق دیا جا رہا ہے تو اس کا آغاز اقتدار کے ایوانوں سے ہونا چاہیے۔ عوام الفاظ سے زیادہ عمل پر یقین رکھتے ہیں، اور عمل ہی اعتماد پیدا کرتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ پٹرول صرف گاڑیوں میں نہیں جلتا، اس کے ساتھ عوام کی امیدیں، منصوبے اور خواب بھی جلتے ہیں۔ جب ایندھن مہنگا ہوتا ہے تو روزگار مہنگا ہو جاتا ہے، علاج مہنگا ہو جاتا ہے، تعلیم مہنگی ہو جاتی ہے اور آخر کار جینا بھی مہنگا ہو جاتا ہے۔

کسی بھی حکومت کا اصل امتحان مشکل فیصلے کرنا نہیں، بلکہ ان فیصلوں کا بوجھ منصفانہ انداز میں تقسیم کرنا ہوتا ہے۔ اگر ہر بحران کا حل صرف قیمتیں بڑھانا اور ہر سوال کا جواب صرف صبر کی تلقین ہو، تو عوام کے دلوں میں پیدا ہونے والی مایوسی کو کوئی معاشی اشاریہ نہیں چھپا سکتا۔

قومیں صرف اعداد و شمار سے نہیں بلکہ انصاف، اعتماد اور عوامی خوشحالی سے مضبوط ہوتی ہیں۔ جس دن حکمران یہ حقیقت سمجھ لیں گے کہ ریاست کا سب سے قیمتی سرمایہ اس کے مطمئن شہری ہیں، شاید اسی دن مہنگائی کی خبروں سے زیادہ خوشخبریاں سننے کو ملیں گی۔ تب تک عوام کے پاس صبر، دعا اور ہر نئے پٹرول بم کا انتظار ہی واحد سرمایہ ہے۔

ہرمز جنگ کا نیا شاخسانہ!



نوائے خامہ

ایم جے گوہر

mjgoher@yahoo.com

مشرق وسطیٰ کا امن تیزی سے بگڑتا نظر آرہا ہے۔ امریکا ایران جنگ بندی کے خاتمے کے اعلان کے بعد ہر دو جانب سے ایک دوسرے پر حملوں کی نئی لہر شروع ہو چکی ہے جس کا دائرہ پھیل کر پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔

بہ طور ثالث پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے دل و جان سے رات دن ایک کرکے دانش مندی، حکمت و بصیرت کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان چار دہائیوں کے بعد مذاکراتی عمل کے ذریعے افہام و تفہیم کے ماحول میں ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کروانے کا امید افزا فریضہ انجام دیا تھا۔ توقع یہ کی جارہی تھی کہ جنگ بندی کے بعد امریکا اور ایران کی قیادتیں بالغ نظری و دور اندیشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کشیدگی کے خاتمے اور مذاکراتی عمل سے باہمی تنازعات کو کچھ لو اور کچھ دو کی بنیاد پر پرامن طریقے سے طے کرلیں گی، مشرق وسطیٰ میں امن بحال ہو جائے گا، عالمی مارکیٹ میں تیل کا بحران ختم ہوگا اور آبنائے ہرمز کے ذریعے دنیا کے تجارتی بحری قافلے گزرنے کی راہ ہموار ہو جائے گی۔

صدر ٹرمپ جو دنیا میں قیام امن اور جنگیں ختم کروانے کی بات کرتے ہیں، پاک بھارت ممکنہ ایٹمی جنگ رکوانے کا کریڈٹ لیتے ہیں۔ وہی امریکی صدر ٹرمپ ایران کے ایم او یو پر دستخط کے بعد جنگ بندی ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ایران کو ایک مرتبہ پھر صفحہ ہستی سے مٹانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے بھی اعلانیہ کہہ دیا ہے کہ ایران اپنے عظیم قائد اور شہید رہنما علی خامنہ ای کے قتل کا انتقام لے گا۔ یوں ہم دیکھتے ہیں کہ پاکستان، چین، ترکیہ، سعودی عرب، قطر، روس اور دیگر ممالک کی جانب سے ایران امریکا کشیدگی ختم کرانے کے لیے کی جانے والی کوششیں ثمر آور ثابت ہوتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔

امریکا اسرائیل نے ایران پر حملے کا آغاز رجیم چینج کو جواز بنا کر کیا تھا اور ان کا اصل نشانہ ایران کی جوہری تنصیبات اور افزودگی یورینیم کا حصول تھا۔ 39 روزہ جنگ کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بار بار یہ دعویٰ کرتے رہے کہ ایران کی فوجی قوت تیل و بجلی کی تنصیبات تباہ کر دیں، ایران کی بحری، فضائی اور زمینی فوجی صلاحیت تباہ کر دی اور اب ایران ہم سے معاہدہ کرنے کا راستہ تلاش کر رہا ہے۔ امریکا ایران کے درمیان کشیدگی اور جنگ بندی خاتمے کی وجہ آبنائے ہرمز کا کنٹرول حاصل کرنا ہے۔ آبنائے ہرمز ایران و عمان کے درمیان واقع دنیا کا سب سے اہم اور معروف ترین سمندری راستہ ہے جہاں سے دنیا بھر کے تجارتی بیڑے گزرتے ہیں بالخصوص تیل کی عالمی کھپت کا تقریباً پانچواں حصہ آبنائے ہرمز سے گزرتا ہے۔ چین ایرانی تیل کا بڑا خریدار ہے اور پاکستان و دیگر ملکوں کو بھی ایران تیل فراہم کرتا ہے۔ Wildlife

امریکا سے جنگ کے آغاز میں ہی ایران نے ہرمز کو بند کر دیا تھا جس کے باعث پوری دنیا میں تیل کی سپلائی معطل ہو کر رہ گئی تھی۔ جنگ بندی کے خاتمے کے بعد ایک مرتبہ پھر آبنائے ہرمز پر امریکا و ایران کے کنٹرول کے دعوؤں نے صورت حال کو کشیدہ کر دیا ہے۔ امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایرانی جہازوں کی ناکہ بندی کا اعلان کر دیا ہے جب کہ باقی ملکوں کے جہازوں کو گزرنے کی اجازت دے رکھی ہے۔ صدر ٹرمپ نے پہلے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں سے حفاظت فراہم کرنے کی مد میں فیس وصولی کا کہا تاہم اب فیس نہ لینے کا اعلان کیا ہے جب کہ ایران کا دعویٰ ہے کہ اول دن کی طرح ہرمز کا کنٹرول اس کے پاس ہی رہے گا اور اخراجات کی مد میں گزرنے والے بحری قافلوں سے فیس لی جائے گی۔

ایران ہرمز میں اپنا کنٹرول ہر صورت برقرار رکھنا چاہتا ہے۔ دوسری طرف سعودی عرب، بحرین، کویت، اردن و عمان پر ایرانی حملے خلیج کے مسلم ملکوں کے اتحاد کو نقصان پہنچانے کا سبب بھی بن رہے ہیں۔ پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ ایک دفاعی معاہدہ ہے۔ پاکستانی قیادت کے لیے یہ گھڑی آزمائش اور مشکل کی ہے کہ ایران بھی برادر اسلامی ملک ہے۔

البتہ حوثیوں کے سعودی عرب پر حملوں کے بعد وزیراعظم میاں شہباز شریف نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے، حوثیوں کے حملوں سے بڑی علاقائی جنگ کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ اگر یمن کا محاذ دوبارہ کھلا تو خلیج سے بحر احمر تک تنازعات کی نئی لہر اور جنگ کے بادل پھیل جائیں گے۔ پاکستان کو سعودی عرب کے دفاع میں قدم اٹھانا پڑے گا، صورت حال کی نزاکت اور سنگینی کا احساس کرتے ہوئے امریکا و ایران کے درمیان کشیدگی ختم کرانے اور امن کے لیے اقوام متحدہ، چین، روس و دیگر عالمی طاقتیں اپنا کردار ادا کریں۔ امریکا آبنائے ہرمز کو جنگ کا نیا شاخسانہ بنانے سے گریز کرے۔

سیاست دان عوامی خدمتگار؟



محمد فاروق یاسر

جمہوریت کی اصل روح عوامی خدمت، دیانت داری اور جواب دہی میں پوشیدہ ہے، لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں سیاست کو خدمت کے بجائے شہرت و ثروت کا ذریعہ بنا لیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ عام آدمی کے ذہن میں یہ سوال بار بار جنم لیتا ہے کہ آخر وہ سیاست دان جو اقتدار میں آنے سے پہلے معمولی مالی حیثیت رکھتے تھے، چند ہی برسوں میں اربوں روپے کے اثاثوں کے مالک کیسے بن جاتے ہیں؟ یہ سوال صرف عوام کا نہیں بلکہ ریاستی اداروں کے لیے بھی لمحہ فکریہ ہے۔ اگر ایک سرکاری ملازم کے اثاثوں کی چھان بین ممکن ہے تو عوامی نمائندوں کے اثاثوں کی شفاف جانچ کیوں نہیں؟ اقتدار عوام کی امانت ہے، اسے ذاتی کاروبار میں تبدیل کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جا سکتی۔ حقیقت یہ ہے کہ جب سیاست کو کاروبار بنا دیا جائے تو عوامی مفاد پس منظر میں چلا جاتا ہے۔ ترقیاتی منصوبے، سرکاری وسائل اور قومی خزانہ عوام کی فلاح کے بجائے مخصوص افراد کے مفادات کے لیے استعمال ہونے لگتے ہیں۔ نتیجتاً مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور معاشی بدحالی میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم رہتے ہیں۔ شفاف احتساب ہی اس مسئلے کا واحد مؤثر حل ہے۔ ہر منتخب نمائندے کے اثاثوں، آمدنی اور مالی ذرائع کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ جانچ ہونی چاہیے۔ کسی کے اثاثوں میں غیر معمولی اضافہ سامنے آئے تو اس کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ قانون کی نظر میں سب برابر ہوں، چاہے وہ کتنا ہی بااثر یا طاقتور کیوں نہ ہو۔ یہ بھی ضروری ہے کہ عوام ووٹ دیتے وقت صرف نعروں، وعدوں اور سیاسی وابستگیوں کو بنیاد نہ بنائیں بلکہ امیدوار کے کردار، دیانت داری، ماضی کی کارکردگی اور مالی شفافیت کو بھی مدنظر رکھیں۔ باشعور ووٹر ہی مضبوط اور جواب دہ سیاسی نظام کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔ پاکستان کی ترقی کا راستہ شفاف طرز حکمرانی، دیانت دار قیادت اور بلاامتیاز احتساب سے ہو کر گزرتا ہے۔ جب تک قومی دولت کو امانت سمجھ کر استعمال نہیں کیا جائے گا اور بدعنوانی کے خلاف بلاتفریق کارروائی نہیں ہوگی، عوام کا ریاست پر اعتماد بحال نہیں ہو سکے گا۔ وقت آ گیا ہے کہ سیاست کو ذاتی مفادات کے بجائے حقیقی عوامی خدمت کا ذریعہ بنایا جائے، تاکہ ریاست مضبوط ہو، ادارے مستحکم ہوں اور عوام کو انصاف، ترقی اور خوشحالی میسر آ سکے یہی مضبوط، خوشحال اور باوقار پاکستان کی ضمانت ہے!!

جنک فوڈ!



اظہار خیال

رئیس فاطمہ

پرانی بات ہے جب میں گورنمنٹ ڈگری جامعہ ملیہ کالج ملیر میں پڑھایا کرتی تھی، یہ میرا پہلا اپائنٹمنٹ تھا، وہاں میری دوست اور کولیگ پروفیسر اختر فاطمہ بھی پڑھاتی تھیں، جن کا اپائنٹمنٹ بھی اسی دن ہوا تھا جس دن میرا، ہم دونوں ریڈیو کے "بزم طلبا" پروگرام میں تواتر سے جاتے تھے، وہ فیڈرل بی ایریا بلاک نمبر 13 میں رہتی تھیں اور ہمارا گھر ہاؤسنگ سوسائٹی میں تھا۔ اس وقت سوسائٹی میں صرف چند گھر بنے تھے اور آج جہاں طارق روڈ ہے وہاں صرف سناٹا تھا اور وہاں 36 نمبر کی بس چلا کرتی تھی، میں اور اختر فاطمہ اکثر اکٹھے گھر جاتے تھے، فیڈرل بی ایریا 13 نمبر میں لب سڑک دو مشہور ہوٹل تھے۔

ایک "تاج محل" اور دوسرا "گلستان ہوٹل"۔ اس ہوٹل کا کھانا بہت لذیذ ہوتا تھا اور بالکل گھر کا ذائقہ آتا تھا، وہاں نہاری، کوفتے، قیمہ آلو، سبزی، آلو گوشت اور مختلف سالن بنتے تھے۔ ہم لوگ اختر فاطمہ کے چھوٹے بھائی سے زیادہ تر کوفتوں کا سالن اور آلو گوشت منگایا کرتے تھے، تازہ تازہ ہرا دھنیا گرم مسالہ اور ہری مرچ ڈلا ہوا سالن نہایت لذیذ ہوتا تھا۔ "تاج محل" والا سیخ کباب اور نہاری بناتا تھا اور دونوں ہوٹل خوب چلتے تھے۔

دوپہر ہو یا رات ان ہوٹلوں میں کھانے والوں کا اور پارسل لے جانے والوں کا رش رہتا تھا، اسی طرح بندر روڈ پر دو مشہور ہوٹل تھے، ایک "دہلی مسلم ہوٹل" اور دوسرا "کالی ہوٹل"۔ کراچی کے باسی ان ہوٹلوں سے بہت اچھی طرح واقف تھے، اول الذکر ہوٹل میں بریانی، گولہ کباب، سیخ کباب ملتے تھے اور دوسرے میں صرف دہلی کا خوشبودار قورمہ۔ لوگ دور دور سے ان ہوٹلوں میں آتے تھے، یہ ہوٹل سول اسپتال کے بالکل مخالف سمت میں تھے، میرے والد اکثر ہم سب کو "کالی ہوٹل" لے جاتے تھے جہاں گرما گرم تندوری روٹی اور شیرمال ہمیشہ ملتی تھی، یہ وہ ہوٹل ہیں جہاں ہم نے خوب کھانا کھایا ہے، میرے شوہر قاضی اختر جونا گڑھی کو دونوں ہوٹلوں کے کھانے پسند تھے، انھیں بندر روڈ لائٹ ہاؤس پر سراج ہوٹل کی بکرے کی تندوری ران بہت پسند تھی۔ اس کے علاوہ کراچی شہر میں جگہ جگہ اور بھی ہوٹل تھے، جہاں روایتی کھانے ملا کرتے تھے، لیکن دیکھتے ہی دیکھتے ان روایتی کھانے تیار کرنے والے ہوٹلوں پر جیسے جھاڑو پھر گئی۔


جن ہوٹلوں کا ذکر میں نے کیا ہے وہ سب قصہ پارینہ بن گئے۔ اب ڈھونڈے سے بھی کوئی ایسا ہوٹل آپ کو نہیں ملے گا جہاں ہمارے مطلب اور روایتی کھانے ملتے ہوں، ہم جب بھی لاہور جاتے وہاں بھی کچھ تل والا، قورمہ اور قیمہ کھاتے ہیں، جن ہوٹلوں کا ذکر میں نے کیا ہے، وہاں پائے بھی بنتے تھے، ہم نے لاہور میں بھی خوب پائے کھائے ہیں لیکن دیکھتے ہی دیکھتے سب ختم ہو گیا۔ 2015ء میں مارچ کے مہینے میں ایک مشہور ادیب اور کالم نگار نے ہماری دعوت کی، وہ ہمیں لاہور کے معروف لکشمی چوک لے گئے جہاں کے ریستوران میں زیادہ تر چکن کے آئٹم تھے جو آرڈر کیے گئے۔

میں نے اپنے میزبان سے کہا کہ میں چکن نہیں کھاتی تو انھوں نے فوراً سیخ کباب منگوا دیے جو بہت لذیذ تھے لیکن انھوں نے اصرار کیا کہ دو نوالے ملائی بوٹی کے ضرور کھائیں، میں نے ان کا دل رکھنے کے لیے دو تین بوٹیاں اٹھا کر اپنی پلیٹ میں ڈالیں اور ایک نوالہ منہ میں رکھا تو حیران رہ گئی، بہت لذیذ تھی اور اس میں ناگوار مہک نہیں تھی، اس دن کے بعد میں ملائی بوٹی کھانے لگی۔

دیکھتے ہی دیکھتے روایتی کھانے غائب ہو گئے اور ان کی جگہ جنک فوڈ نے لے لی، جہاں دیکھیے پیزا، برگر اور بروسٹ دستیاب ہے، جن کے ساتھ کولڈ ڈرنک لازمی ہے۔ "جنک فوڈ" یعنی ردی اور فضول۔ لوگ گھروں کا کھانا نہیں کھاتے، خصوصاً نوجوان اور بچے، سب غٹاغٹ کولڈ ڈرنک اپنے معدے میں اتارتے ہیں، جس کا نتیجہ موٹاپے کی شکل میں نکلتا ہے۔ موٹاپا بہت سی بیماریوں کی جڑ ہے۔ جیسے السر، شوگر اور معدے کی تیزابیت، دل کے امراض الگ ہیں۔ انھیں کئی کئی دن کے پرانے تیل میں تلا جاتا ہے، جو زہر بن جاتا ہے اور متعدد بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ پچھلے دنوں میرا بیٹا اسلام آباد سے آیا ہوا تھا، وہ بازاری کھانے سے پرہیز کرتا ہے اور مہینے میں ایک بار بدپرہیزی کرتا ہے۔

ایک دن اس نے کہا کہ وہ آج چکن بروسٹ کھائے گا، وہ والا جو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

بند ہوتے راستے!



اظہار خیال

منصور آفاق

جنگ کی بھی زبان ہوتی ہے، جس میں ماں کی لوری، چرواہے کی بانسری اور بچوں کی ہنسی آہستہ آہستہ دب جاتی ہے۔ صرف دھماکوں کی گونج، جلتے شہروں کا دھواں اور دل پر اترتا خوف رہ جاتا ہے۔ آج یہی مشرقِ وسطیٰ کی زبان ہے، جہاں امریکہ اور ایران کے بڑھتے حملوں نے عبوری سمجھوتہ ختم کرکے خطے کو جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ جمعرات کو امریکی طیاروں نے شمالی ایران، تہران کے گرد و نواح اور صوبہ سمنان میں کئی اہداف پر حملے کیے۔ سمنان ایران کے بیلسٹک میزائل اور خلائی پروگرام کا اہم مرکز ہے۔ اس سے پہلے آبنائے ہرمز کے جزیرہ گریٹر طنب پر ایرانی دفاعی اور میزائل تنصیبات بھی نشانہ بن چکی تھیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق 388ویں میکانائزڈ انفنٹری بریگیڈ کی بیرک پر تیرہ میزائل داغے گئے، جہاں زیر تربیت اور مستقل فوجی موجود تھے۔ ایران نے سات فوجیوں کی ہلاکت اور کئی کے زخمی ہونے کا دعویٰ کیا۔ ایران کے مطابق حالیہ امریکی حملوں میں پینتیس سے زیادہ افراد ہلاک اور تین سو سے زائد زخمی ہوئے۔ یہ محض اعداد نہیں؛ ہر عدد کے پیچھے ایک نام، گھر، خاندان اور ماں کی دعا ہے۔ تہران کا کہنا ہے کہ فوجی تنصیبات کی آڑ میں ریاستی، سائنسی اور مواصلاتی ڈھانچے کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایران کا بنیادی موقف ہے کہ جنگ اس نے شروع نہیں کی۔ 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کے ایرانی سرزمین پر حملوں نے اسے جوابی کارروائی پر مجبور کیا۔ تہران کے میزائل اور ڈرون حملے، انتقام نہیں، دفاع تھا۔ اسی دفاع میں بحرین اور کویت میں موجود امریکی فوجی تنصیبات پر حملے کیے۔ حرب عوام اس کا ہدف نہیں۔ جنگ کا مرکز آبنائے ہرمز ہے، جہاں سے عالمی توانائی تجارت کا بڑا حصہ گزرتا ہے۔ آغاز میں ایران نے اسے مؤثر طور پر بند کر دیا تھا، جس سے خام تیل پچاسی ڈالر فی بیرل سے اوپر چلا گیا، جو جنگ سے پہلے کے مقابلے میں تقریباً پندرہ فیصد زیادہ تھا، مگر بحران کے عروج پر پہنچنے والی ایک سو بیس ڈالر کی سطح سے کم تھا۔ عبوری معاہدے کے دوران بعض جہاز عمان کے قریب امریکی نگرانی والے ایسے راستے سے گزرنے لگے جو تہران کے براہِ راست اختیار سے باہر تھا۔ ایران نے اس راستے کے جہازوں کو نشانہ بنایا تو امریکہ نے بحری ناکہ بندی دوبارہ نافذ کر دی۔ ایران نے اسے خودمختاری اور تجارت کے خلاف جنگ قرار دیا۔ اس کا کہنا ہے کہ اگر ایرانی تیل اور گیس دنیا تک نہیں پہنچ سکتے تو دوسرے ممالک کی توانائی برآمدات بھی محفوظ نہیں رہیں گی۔ پاسدارانِ انقلاب کا اعلان تھا: خطے سے تیل اور گیس کی برآمد یا تو سب کیلئے ہوگی یا کسی کیلئے نہیں اس بات میں ایک تلخ منطق موجود ہے۔ ایران کی تجارت سمندر سے خارج کی جا رہی ہے تو وہ دوسروں کی تجارت کیوں محفوظ رہے؟ تاہم مظلومیت اور اجتماعی سزا کا فرق مٹنا نہیں چاہیے۔ تہران کی شکایت ہے کہ امریکہ ایک طرف مذاکرات کرتا اور دوسری طرف بمباری، ناکہ بندی اور اقتصادی محاصرہ بڑھاتا ہے۔ معاہدے کے کاغذ کے ساتھ بندوق رکھی ہو تو دستخط آزاد مرضی نہیں رہتے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا ہے کہ امریکہ نے عبوری سمجھوتے کی ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو ایران مکمل تصادم کیلئے تیار ہوگا۔ دوسری طرف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کہتے ہیں کہ ایران معاہدہ چاہتا ہے، اور سمجھوتا نہ ہوا تو امریکہ تنازع "ختم" کر دے گا۔ یہ واضح نہیں کہ اس اختتام سے مراد امن ہے یا مزید تباہی۔ ایران نے ہرمز پر انحصار گھٹانے کیلئے متبادل راستے بنائے ہیں۔ چابہار بندرگاہ اسے بحیرۂ عمان کے ذریعے بھارت، افغانستان اور وسطی ایشیا سے ملاتی ہے۔ گورہ سے جاسک پائپ لائن ایرانی تیل کو ہرمز سے باہر لے جا سکتی ہے۔ بین الاقوامی شمال۔ جنوب راہداری بحیرۂ کیسپین، آذربائیجان اور روس تک پہنچتی ہے۔ مشرق میں ترکمانستان، قازقستان، ازبکستان اور چین، مغرب میں ترکی اور عراق، جبکہ پاکستان کے ذریعے جنوبی ایشیا تک تجارت ممکن ہے۔ مگر ریل، سڑک اور پائپ لائنیں لاکھوں بیرل لے جانے والے جہازوں کا بدل نہیں۔ یہ زخم پر پٹی ہیں، کٹی شریان کا علاج نہیں۔ ایک پوشیدہ خطرہ سمندر کی تہہ میں بچھی فائبر آپٹک کیبلز ہیں، جن سے عالمی انٹرنیٹ، بینکاری، اسٹاک مارکیٹ، ہوائی اڈے، بندرگاہیں، کلاؤڈ سروسز، طبی معلومات اور ذاتی رابطے منسلک ہیں۔ جنگ، لنگر، دھماکے یا تخریب سے کیبلز متاثر ہوئیں تو مالیاتی لین دین رک سکتا ہے، تجارتی ڈیٹا تاخیر کا شکار اور مواصلاتی نظام مفلوج ہو سکتا ہے۔ مگر یہ آگ دوست اور دشمن میں فرق نہیں کرے گی۔ دوسرے کی آواز کاٹنے والا خود بھی دنیا سے کٹ سکتا ہے۔ امریکہ آزاد جہاز رانی کا دعویٰ کرتا ہے، مگر ایرانی تجارت روکنے کیلئے طاقت استعمال کرتا ہے۔ یہ دریا کو سب کیلئے آزاد کہہ کر ایک کنارے کے لوگوں کو پانی سے محروم کرنے جیسا ہے۔ قانون اسی وقت معتبر ہوتا ہے جب اس کا پیمانہ دوست اور دشمن کیلئے یکساں ہو؛ ورنہ وہ طاقتور کے ہاتھ کی لاٹھی بن جاتا ہے۔ امریکہ کے پاس بڑے بڑے بحری بیڑے، جدید طیارے اور دور مار میزائل ہیں، مگر ایران کے پاس جغرافیہ ہے: تنگ پانی، چھوٹے جزائر، ساحلی پہاڑ، زیر زمین تنصیبات اور طویل ساحل۔ ہرمز کو چند دن کھولنا اور مہینوں محفوظ رکھنا الگ باتیں ہیں۔ ایران کو ہر جہاز ڈبونے کی ضرورت نہیں؛ صرف خطرہ مہنگی انشورنس، کپتانوں کو محتاط اور تاجروں کو راستے بدلنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ جنگ میں خوف بھی بارودی سرنگ کی طرح راستے بند کرتا ہے۔ عراق اور افغانستان نے ثابت کیا کہ مختصر جنگ کا وعدہ اکثر طویل المیہ بن جاتا ہے۔ ایران ان دونوں سے بڑا، پیچیدہ اور گہرے ریاستی ڈھانچے والا ملک ہے۔ اس جنگ کا دروازہ کھولنا آسان، واپسی کا راستہ مشکل ہوگا۔ صدر ٹرمپ کی ذہنی حالت کے متعلق امریکہ کے ذہنی صحت کے بڑے اداروں کو سوچنا چاہیے۔

ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ، مریضوں کو ہر ممکن سہولیات دی جائیں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

ایمرجنسی، مختلف وارڈز، فارمیسی، صفائی انتظامات اور مریضوں کو فراہم طبی سہولیات کا جائزہ، مریضوں کی عیادت، علاج بارے دریافت

صفائی ستھرائی انتظامات پر توجہ کی ہدایت، بروقت علاج، سہولیات فراہم کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے علی الصبح ہولی فیملی ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی، مختلف وارڈز، فارمیسی، صفائی کے انتظامات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان سے ادویات کی دستیابی، علاج معالجے، عملے کے رویے اور دیگر سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری، بروقت اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور ادویات کی دستیابی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں صفائی کی مجموعی صورتحال کا بھی تفصیلی جائزہ لیا اور بالخصوص واش رومز اور ٹوائلٹس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)



وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے شاہد نذیر ملاقات کر رہے ہیں

آزاد کشمیر انتخابات کو کسی بھی صورت سیاسی یا انتظامی تجربہ گاہ نہ بنایا جائے قیوم نیازی

ریاست کی آئینی حیثیت، مسئلہ کشمیر کی نزاکت، قومی مفاد کا تقاضا ہے کہ ایک ہی روز انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جائے

ایک ہی اسمبلی کے انتخابات مختلف مراحل میں کرانا انتخابی مساوات، شفافیت، برابری کے اصولوں سے متصادم ہے، صدر PTI

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) صدر پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر و سابق وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کو کسی بھی صورت سیاسی یا انتظامی تجربہ گاہ نہ بنایا جائے۔ ریاست کی حساس آئینی حیثیت، مسئلہ کشمیر کی نزاکت اور قومی مفاد کا تقاضا ہے کہ پورے آزاد کشمیر میں ایک ہی روز آزاد، منصفانہ، شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جائے۔ آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن کی جانب سے عام انتخابات کے شیڈول میں کسی بھی مرحلہ وار ترمیم پر گہری تشویش اور سنجیدہ آئینی، قانونی اور قومی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر کوئی معمولی خطہ نہیں بلکہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ خطہ ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کی آئینی، سیاسی اور جغرافیائی حیثیت غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے، جبکہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری بھارتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



اسلام آباد: شہر میں مون سون کی بارش کے دوران آسمان پر چھائے بادلوں کا منظر

ایس ایس پی انویسٹی گیشن راولپنڈی کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے اور بروقت قانونی کارروائی کی ہدایت

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن راولپنڈی ناصر علی خان نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی شکایات سن کر ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر مقررہ مدت کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے اور شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی راولپنڈی میں جہانگیر پراچہ سے ملاقات کر رہے ہیں

ملک بھر میں 30 ہزار غیر رسمی تعلیمی مراکز فعال

پرائمری سے میٹرک تک ٹیک کورسز متعارف اور سال میں دو بار امتحانات کا فیصلہ

12 لاکھ طلباء زیرِ تعلیم، 86 فیصد خواتین اساتذہ کی بدولت 55 فیصد بچیوں کے داخلے ممکن

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن (پی آئی ای) نے جاپان کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے تعاون سے سالانہ شماریاتی رپورٹ 2 اور فیڈرل نان فارمل ایجوکیشن اسٹریٹیجی 2025 کا اجراء کر دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں قائم 30543 غیر رسمی مراکز میں 34,256 اساتذہ 12,38,573 بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں۔ ان مراکز میں 83 سے 86 فیصد خواتین اساتذہ کی تعیناتی کی بدولت طالبات کے داخلوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر علی الصبح ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

ڈی پی او چکوال کا تلہ گنگ کا دورہ، پولیس سروسز کا جائزہ

کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے، فوری ریلیف کی ہدایت

تلہ گنگ (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے تلہ گنگ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیس سروسز، ترقیاتی منصوبوں اور سیف سٹی پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے تھانہ صدر تلہ گنگ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر نمٹا کر فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔ بعد ازاں انہوں نے زیر تعمیر سائیکھان ایس ڈی پی او آفس، خدمت مرکز، ٹریفک دفتر اور سیف سٹی منصوبے کا معائنہ کیا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



لنڈی کوتل، مون سون کی شدید بارشوں کے بعد ایک ٹرک سیلابی پانی سے گزر رہا ہے

ڈی پی او چکوال کا تلہ گنگ کا دورہ

کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے، فوری ریلیف کی ہدایت

ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ، سیف سٹی منصوبہ جلد فعال ہوگا، ڈی پی او چکوال

چکوال (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے تلہ گنگ کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے پولیس سروسز، ترقیاتی منصوبوں اور سیف سٹی پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے تھانہ صدر تلہ گنگ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر نمٹا کر شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسسٹنٹ کمشنر چکوال کا ریونیو اجلاس، اہداف بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

چکوال (سٹی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر چکوال ڈاکٹر ارسلان سکندر نے تحصیل چکوال کے ریونیو افسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے یلڈ پر پیش رفت اور کے ایم آئی اہداف کی تکمیل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں متعلقہ ریونیو افسران کو ہدایت کی گئی کہ تمام اہداف مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیے جائیں اور ڈی آر سی مقدمات کی تیاری میں معیار اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے ریونیو افسران اور سپرنٹنڈنٹ کمپیوٹر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، چار افراد گرفتار

اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے کا اعلان

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے چار افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کارروائیاں تھانہ وارث خان، واہ کینٹ، مندرہ اور روات کے علاقوں میں کی گئیں۔ گرفتار افراد کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ کارروائیاں تھانہ وارث خان، واہ کینٹ، مندرہ اور روات کے علاقوں میں کی گئیں۔ گرفتار افراد کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

چکوال میں گھاس کو آگ لگاتے ہوئے شخص جھلس کر زخمی

چکوال (سٹی رپورٹر) ڈھوک گوندل، جبیر پور روڈ پر گھاس کو آگ لگاتے ہوئے ایک شخص خود آگ کی لپیٹ میں آ کر جھلس گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 چکوال نے قریبی کی پوائنٹ سے موٹر بائیک ایمبولینس اور سینٹرل اسٹیشن سے ایمبولینس روانہ کی۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر 35 سالہ امیر ولد سوداگر کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ ریسکیو کے مطابق متاثرہ شخص کے سینے اور دائیں بازو کے او (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

وارث خان پولیس کی کارروائی، امانت میں خیانت کا اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار اشتہاری سال 2024 سے پولیس کو مطلوب تھا۔ وارث خان پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت دیگر ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔

مون سون انتظامات کا جائزہ، انسانی جانوں، املاک کا تحفظ ترجیح ہے کمشنر راولپنڈی

حساس و نشیبی مقامات پر ریسکیو اہلکار، امدادی گاڑیاں اور ضروری سامان کے ساتھ چوبیس گھنٹے الرٹ رہیں گے

مون سون کے دوران غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور حفاظتی تدابیر پر عمل کریں، ریسکیو حکام

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) مون سون بارشوں کے پیش نظر ریسکیو 1122 راولپنڈی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے جبکہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے نالہ لئی اور دیگر نشیبی علاقوں میں ریسکیو اہلکاروں کی خصوصی ٹیمیں تعینات کر دی گئی ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ممکنہ اربن فلڈنگ اور ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹنے کے لیے کٹاریاں، گوالمنڈی، نالہ لئی کے اطراف اور دیگر حساس و نشیبی مقامات پر ریسکیو اہلکار، امدادی گاڑیاں اور ضروری سامان کے ساتھ چوبیس گھنٹے الرٹ رہیں گے۔ اہلکار بارش کے دوران مسلسل گشت اور نگرانی جاری رکھیں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں فوری امدادی کارروائیاں عمل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

مندرہ پولیس کی کارروائی، چار رکنی چوری و نقب زنی گینگ گرفتار

ڈھائی لاکھ سے زائد مسروقہ رقم، اسلحہ اور رکشہ برآمد

ریکارڈ یافتہ ملزمان جڑواں شہروں میں متعدد وارداتوں میں ملوث نکلے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) تھانہ مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری، نقب زنی اور دیگر وارداتوں میں ملوث چار رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے دو لاکھ 60 ہزار 400 روپے کی مسروقہ رقم، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور رکشہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان رکشے میں ریکی کر کے وارداتیں کرتے تھے اور جڑواں شہروں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

سی پی او راولپنڈی 22 جولائی کو آراے بازار میں کھلی کچہری لگائیں گے

شہری تھانہ آراے بازار اور ایس ڈی پی او کینٹ سے متعلق شکایات پیش کر سکیں گے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے لیے سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا 22 جولائی 2026 بروز بدھ صبح 10:00 بجے جاوید بینکوئیٹ ہال، نزد کلمہ چوک، ٹالی موہری، تھانہ آراے بازار کے علاقے میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے۔ سی پی او نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ تھانہ آراے بازار اور ایس ڈی پی او آفس کینٹ سے متعلق اپنی شکایات کے ازالے کے لیے کھلی کچہری میں شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کا فوری اور بروقت حل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

رتہ امرال پولیس کی کارروائی، قتل کا ملزم گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) رتہ امرال پولیس نے معمولی تلخ کلامی کے دوران شہری کو چاقو کے وار کر کے قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گیا تھا۔ رتہ امرال پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

جی ایچ کیو خانہ کعبہ تو نہیں جہاں احتجاج نہیں ہو سکتا، عائشہ گلالئی، حنا پرویز، عون چوہدری، طاہر اشرفی، فیاض چوہان چابی والے کھلونے ہیں، اسلم غوری

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ جی ایچ کیو پر احتجاج کرنا کوئی ناممکن بات نہیں، جے یو آئی اپنے تمام مطالبات اور تحفظات کا اظہار سیاسی و پرامن انداز میں ہی کرے گی۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اسلم غوری نے جی ایچ کیو کے سامنے احتجاج سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

گوجر خان پولیس کی کارروائی، قتل کیس کا مرکزی ملزم گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) تھانہ گوجر خان پولیس نے دو ہفتے قبل سابقہ رنجش پر ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم واردات کے بعد روپوش ہو گیا تھا، تاہم گوجر خان پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے اسے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں نامزد ملزم کے ساتھی کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

یاسین ملک کو سرلا بھٹ قتل کیس میں ملوث کرنا سیاسی انتقام ہے لبریشن فرنٹ

36 سال پرانے مقدمے میں پارٹی چیئرمین کو جھوٹا پھنسایا جا رہا ہے، ترجمان جموں کشمیر لبریشن

سرلا بھٹ کے قتل کے وقت یاسین ملک زیر علاج تھے، بھارتی فورسز کی کارروائیوں کے باعث تحقیقات مکمل نہ ہو سکیں رفیق ڈار

اسلام آباد (صباح نیوز) جموں کشمیر لبریشن فرنٹ (جے کے ایل ایف) نے بھارت کی جانب سے پارٹی چیئرمین محمد یاسین ملک کو 36 سال پرانے سرلا بھٹ قتل کیس میں چارج شیٹ کیے جانے کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی انتقام اور آزادی پسند قیادت کو خاموش کرانے کی کوشش قرار دیا ہے۔ لبریشن فرنٹ کے مرکزی ترجمان اور محمد یاسین ملک کے خصوصی نمائندے محمد رفیق ڈار نے سنٹرل انفارمیشن آفس سے جاری بیان میں کہا کہ بھارتی حکومت مختلف مقدمات کے ذریعے محمد یاسین ملک کو سزائے موت دلوانے کی کوشش کر رہی ہے اور اسی سلسلے میں اب انہیں 1990ء کے سرلا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

بقیہ 1

شہریوں کو انشورنس کور فراہم کیا جارہا ہے۔اس موقع پر وزیر خزانہ کے مشیر عدنان پاشا نے کہا کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) پاکستان کے انشورنس شعبے میں انقلابی تبدیلی لاسکتی ہے، جبکہ ملک کو صرف معاشی استحکام تک محدود رکھنے کے بجائے پائیدار ترقی کی راہ پر بھی گامزن کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے، جہاں سیلاب، خشک سالی اور دیگر قدرتی آفات کے باعث انشورنس کے مضبوط نظام کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ان کے مطابق پاکستان میں انشورنس کا دائرہ کار اب بھی محدود ہے اور عوامی آگاہی کی کمی اس شعبے کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔عدنان پاشا نے بتایا کہ حکومت مختلف اسکیموں کے ذریعے انشورنس کی سہولت عام شہری تک پہنچانے کے لیے کوشاں ہے، جبکہ سپارکو کے سیٹلائٹ ڈیٹا کی مدد سے زرعی قرضوں اور زرعی انشورنس کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے رسک اسیسمنٹ، کلیمز کی فوری ادائیگی، فراڈ کی روک تھام اور صارفین کو بہتر خدمات فراہم کرنا ممکن ہو سکے گا۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انشورنس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین اور اسٹیٹ لائف انشورنس کے چیف ایگزیکٹو شعیب جاوید حسن نے کہا کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ پوری انشورنس صنعت ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ملک میں انشورنس کا تناسب صرف 0.9 فیصد ہے، جبکہ خطے کے دیگر ممالک میں یہ شرح اوسطاً 4 فیصد ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں اس شعبے میں ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں۔وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر برائے تجارت احسن افضل رانا نے کہا کہ حکومت معیشت کو ڈیجیٹل بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو مالیاتی اور انشورنس خدمات تک رسائی دینے کے لیے اسٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے، جبکہ انشورنس صنعت کے مسائل کے حل کے لیے ایک جوائنٹ ورکنگ گروپ بھی قائم کیا جائے گا تاکہ قانونی اور ریگولیٹری رکاوٹوں کو دور کر کے اس شعبے کو مزید مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ 2

عیت کی بھی جس میں برطانیہ، پاکستان اور آزاد کشمیر کی مجموعی صورتحال زیر بحث آئی۔ انہوں نے کہا کہ تمام فریق اس بات پر متفق ہیں کہ مسائل کا حل پرامن طریقے سے نکالا جانا چاہیے۔لارڈ قربان حسین کا کہنا تھا کہ وہ اور پاکستانی ہائی کمشنر پرامید ہیں کہ آزاد کشمیر میں حالات جلد معمول پر آ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے انتخابات میں عوام اپنی مرضی کی حکومت منتخب کریں گے، جبکہ مسائل کے حل کے لئے فریقین کو مذاکرات کی میز پر آنا ہوگا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ دنیا میں بڑے بڑے تنازعات کا حل بالآخر بات چیت سے ہی نکالا جاتا ہے اور امید ہے کہ یہ معاملات بھی مذاکرات کے ذریعے حل ہو جائیں گے۔اس موقع پر برطانوی رکن پارلیمنٹ یاسمین قریشی نے کہا کہ تمام متعلقہ فریقین کو مل بیٹھ کر آزاد کشمیر کی صورتحال کا حل تلاش کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ مسئلے کا پرامن حل سب کے مفاد میں ہے۔

بقیہ 3

الرحمان ہی کو پتہ ہوگا کہ ان کا بیان کس پیرا ہے اور سیاق وسباق میں تھا، اور انہوں نے کس طرح بات کی، میں اس تکنیکی بحث پر بات نہیں کرتا لیکن وہ ایک جلیل القدر عالم دین ہیں اور اس وقت ایک بہت بڑے دینی و سیاسی منصب پر فائز ہیں۔انہوں نے جے یو آئی سربراہ پر ہونے والی تنقید پر شدید دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان جس طرح اپنے بیٹے مولانا اسعد محمود کے والد ہیں، بالکل اسی طرح ہمارے لیے بھی والد کی حیثیت رکھتے ہیں، اسلام کی تعلیمات کے مطابق جنم دینے والا، تعلیم دینے والا اور بیٹی دینے والا قیامت کے دن ایک خاص اور محترم مقام پر ہوں گے۔ن لیگی رہنما نے زور دے کر کہا کہ سیاست کو ایک سائیڈ پر چھوڑ دیں، مولانا فضل الرحمان ہمارے پیش امام ہیں، اتنے بڑے عالم دین پر جن لوگوں نے بات کی اور تنقید کی ہے، انہیں اپنے رویے پر معافی مانگنی چاہیے، کسی عالم دین پر بات کرنے یا شرعی گفتگو کا حق صرف کسی دوسرے عالم دین کو ہی حاصل تھا، لیکن اس معاملے کے شروع ہونے کے بعد جس طرح کی زبان استعمال کی گئی، وہ مکمل طور پر غیر ذمہ دارانہ رویہ ہے۔انہوں نے نام لیے بغیر تنقید کرنے والی خاتون شخصیت سے متعلق کہا کہ یہ وہی بی بی ہے جس نے ایک دفعہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بارے میں بھی اسی طرح کی تیز اور نامناسب زبان استعمال کی تھی۔

بقیہ 4

ٹرمپ کی ٹیرف پالیسیوں کے جواب میں اقدامات کئے تھے، اس لئے اسے جواب دہ ٹھہرانا ضروری ہے۔ عہدیدار نے شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ صدر ٹرمپ نے 1930 کے ٹریڈ ایکٹ کے سیکشن 338 کے تحت ٹیرف نافذ کرنے کے لئے تین اعلانات پر دستخط کئے ہیں۔ گزشتہ سال بعض ڈیموکریٹ ارکان کانگریس نے اس شق کو ختم کرنے کی تجویز دی تھی کیونکہ ان کا کہنا تھا کہ ٹرمپ اسے معیشت کو غیر مستحکم کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ نئے 50 فیصد ٹیرف کا اطلاق توانائی کی مصنوعات، پوٹاش، مچھلی اور اہم معدنیات پر نہیں ہوگا تاہم ان اشیا کو بھی شامل کیا جائے گا جو اس سے قبل امریکا، میکسیکو، کینیڈا تجارتی معاہدے کے تحت درآمدی ٹیکس سے تحفظ حاصل کر رہی تھیں۔

بقیہ 5

جائے، مون سون بارشوں کی وجہ سے عوام کو درپیش مسائل کا اندازہ ہے، فوری ازالہ یقینی بنائیں گے۔انہوں نے کہا ہے کہ لاہور سمیت تمام اضلاع میں بارش کے پانی کی نکاسی میں غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 6

سید نظیر الحسن گیلانی اور سیکرٹری الیکشن کمیشن راجہ محمد شکیل خان بھی انکے ہمراہ تھے۔ چیف الیکشن کمشنر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات 2026 تین مرحلوں میں کروائے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلہ میں میرپور ڈویژن کے انتخابات پہلے سے مقررہ شیڈول 27 جولائی کو ہی ہونگے۔ دوسرے مرحلہ میں مظفرآباد ڈویژن کے لیے پولنگ 02 اگست ہوگی۔ اسی روز مہاجرین مقیم پاکستان کی 12 نشستوں پر بھی پولنگ ہو گی۔جبکہ پونچھ ڈویژن میں پولنگ 10 اگست کو ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کا صاف، شفاف اور پرامن انعقاد یقینی بنایا جائے گا۔ تمام سیاسی جماعتوں سے مشاورت کے بعد الیکشن شیڈول میں ترمیم کی گئی ہے۔ آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور پرامن انتخابات کے انعقاد کے لیے پرعزم ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عالمی مبصرین اور صحافیوں کو الیکشن کی کوریج کی مکمل اجازت ہو گی۔ پولنگ کا وقت ختم ہونے کے بعد متعلقہ پرائزائیڈنگ آفیسر نتائج پولنگ ایجنٹس سے شیئر کرے گا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ انتخابات کو صاف شفاف اور پرامن بنانے کے لیے مرحلہ وار پولنگ کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسوقت سکیورٹی فورسز ملک کے دیگر حصوں میں بھی مصروف ہیں جسکی وجہ سے انتخابات کو مرحلہ وار کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ سکیورٹی فورسز کو ایک ڈویژن سے دوسرے ڈویژن میں منتقل کیا جا سکے۔ ایک اور سوال کے جواب میں چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ گزشتہ روز 25 ہزار ملازمین نے اپنا حق رائے دہی پرامن طریقے سے استعمال کیا ہے۔ جس سے توقع کی جا رہی ہے کہ باقی ووٹرز بھی بھرپور انداز میں اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔

بقیہ 7

حساس مقامات، ممکنہ خطرات اور ادارہ جاتی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر راولپنڈی نے ہدایت کی کہ مون سون کے دوران انسانی جانوں اور املاک کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیے اور تمام متعلقہ ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ شہری اور دیہی علاقوں خصوصاً نشیبی بستیوں، ندی نالوں اور دریاؤں کے اطراف آباد آبادیوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ممکنہ سیلاب یا ہنگامی صورتحال کی صورت میں بروقت انخلا کے لیے جامع منصوبہ بندی مکمل رکھی جائے اور متاثرہ افراد کو محفوظ مقامات پر فوری منتقل کرنے کے تمام انتظامات پیشگی مکمل کیے جائیں۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ تمام محکمے ایک مربوط کمانڈ اینڈ کوآرڈینیشن سسٹم کے تحت کام کریں۔ ضلعی سطح پر قائم کنٹرول رومز چوبیس گھنٹے فعال رہیں، تمام ہیلپ لائنز اور ایمرجنسی نمبرز مکمل طور پر فنکشنل ہوں جبکہ متعلقہ افسران مسلسل فیلڈ مانیٹرنگ جاری رکھیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نالہ لئی، برساتی نالوں اور پانی کی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کے خلاف مؤثر آپریشن جاری رکھا جائے تاکہ بارش کے پانی کی روانی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ کمشنر سلمان غنی نے ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام ضروری مشینری، ریسکیو آلات، کشتیاں، ڈی واٹرنگ مشینیں، ایمبولینسز اور ہنگامی سامان ہر وقت تیار رکھا جائے جبکہ باقاعدگی سے موک ایکسرسائز منعقد کر کے اداروں کی استعداد کار کو مزید بہتر بنایا جائے۔ کمشنر نے محکمہ لائیو اسٹاک کو ہدایت کی کہ مون سون کے دوران مویشیوں کے تحفظ، ویکسینیشن، چارے کی دستیابی اور جانوروں کی محفوظ منتقلی کے لیے خصوصی انتظامات کیے جائیں۔ اجلاس میں راولپنڈی ڈویژن کے تمام ڈیمز کی پانی ذخیرہ کرنے کی موجودہ استعداد، پانی کی سطح اور مسلسل مانیٹرنگ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ڈیمز کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جائے اور پانی کی سطح خطرناک حد کے قریب پہنچنے کی صورت میں بروقت الرٹ جاری کیا جائے۔ کمشنر سلمان غنی نے مری میں مون سون سیزن کے دوران خصوصی انتظامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وہاں کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ردعمل کا وقت انتہائی محدود ہوتا ہے، لہٰذا ٹورازم مینجمنٹ، ٹریفک مینجمنٹ، ریسکیو آپریشنز، ہیوی مشینری کی دستیابی، لینڈ سلائیڈنگ سے نمٹنے کے اقدامات، متبادل راستوں اور فوری رسپانس پلان کو ہر وقت فعال رکھا جائے تاکہ سیاحوں اور مقامی آبادی کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کمشنر سلمان غنی نے ڈی ایچ اے، بحریہ ٹاؤن، دیگر ہاؤسنگ سوسائٹیز اور دریائے سواں کے اطراف واقع علاقوں کی انتظامیہ کو بھی مون سون پلان کا مؤثر حصہ بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ تمام نجی ہاؤسنگ سوسائٹیز اپنے اپنے علاقوں میں ارلی وارننگ سسٹم نصب کریں، ہنگامی پلان مرتب کریں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل رابطہ اور تعاون برقرار رکھیں

بقیہ 8

ہو گئے جس میں میزائل اور ڈرون لانچنگ مقامات، اور فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے بتایا گیا کہ ایران کے خلاف ایک اور مرحلہ وار حملے مکمل کر لیے، امریکی فورسز نے ایرانی فوجی کمانڈ سینٹرز، بحری صلاحیتوں، میزائل اور ڈرون لانچ سائٹس اور فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنایا۔ بیان میں کہا گیا کہ اہم بین الاقوامی بحری گزرگاہ سے تجارتی جہازوں کی آمدورفت بدستور جاری ہے، مئی کے آغاز سے اب تک سینٹکام کی فورسز نے تقریباً 900 تجارتی جہازوں اور 45 کروڑ بیرل خام تیل کی ترسیل میں مدد فراہم کی ہے۔ سینٹکام نے کہا کہ امریکی فورسز آبنائے ہرمز سے آزادانہ اور کھلے عام گزرنے والے شہری ملاحوں کے خلاف بلاجواز جارحیت پر ایران کو جواب دہ بنانے کے لیے بدستور پوری طرح تیار اور مستعد ہیں۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکی حملوں کے جواب میں بحرین اور کویت میں امریکی فوجی تنصیبات پر حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ بحرین کے شہر محرق میں امریکی ریڈار اور فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنایا ہے

بقیہ 9

ئے نئے شامل ہونے والے افراد کا پھولوں کے ہار پہنا کر پرتپاک استقبال کیا۔ ڈنہ کالونی میں کونسلر سردار محمد رفیق کی قیادت میں تقریباً 80 گھرانوں نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی، جبکہ ڈنہ ڈونگا ناز، میلاد نگر اور دھمال میں ڈسٹرکٹ کونسلر اسلان حسین کی کوششوں سے مختلف سیاسی جماعتوں کے متعدد بااثر کارکنان اور خاندان بھی پیپلز پارٹی کے قافلے میں شامل ہو گئے۔ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے دورۂ کوٹلی نے آزاد کشمیر بھر میں پارٹی کارکنوں کے حوصلے بلند کیے ہیں اور عوام کا اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ نمبر 5 چڑہوئی سمیت پورے ضلع کوٹلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کی انتخابی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے اور عوام کی بڑی تعداد پارٹی کے منشور اور قیادت پر اعتماد کا اظہار کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستہ خاندانوں اور کارکنان کی مسلسل شمولیت اس امر کا ثبوت ہے کہ عوام خدمت، ترقی اور عوامی سیاست کے سفر کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کا ساتھ دینے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ چوہدری محمد یٰسین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے اعتماد سے کامیابی حاصل ہونے پر حلقے میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت، روزگار اور عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دی جائے گی۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کے کامیاب دورۂ کوٹلی کے بعد ضلع بھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کی انتخابی سرگرمیوں میں نمایاں تیزی آئی ہے، جبکہ حلقہ نمبر 5 چڑہوئی میں مختلف علاقوں سے ہونے والی مسلسل شمولیتوں نے پارٹی کی انتخابی مہم کو مزید مضبوط اور مؤثر بنا دیا ہے۔

بقیہ 10

خواجہ سعد رفیق کی قیادت میں وفد ایم کیو ایم کے سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے ملاقات کی۔ مسلم لیگ (ن) کا وفد شام پانچ بجے پارلیمنٹ لاجز میں ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی رہائش گاہ پر ملاقات کے لیے آیا۔ ملاقات میں مسلم لیگ (ن) اور ایم کیو ایم کے دیگر راہنما بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 11

بعد کیس کے حتمی فیصلے تک ایف آئی اے کو امتحانی نتائج کے اعلان سے روک دیا۔

بقیہ 12

شرائط کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اس وقت گیس سیکٹر کا مجموعی گردشی قرضہ تقریباً 3 ہزار 300 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے، جبکہ مجوزہ سیٹلمنٹ پلان کے تحت مجموعی طور پر ایک ہزار 700 ارب روپے کے گردشی قرضے کو نمٹانے کی تجویز زیر غور ہے، حالیہ ورچوئل مذاکرات میں گیس سیکٹر کے گردشی قرضے کے سیٹلمنٹ پلان پر حتمی اتفاق نہیں ہو سکا، اب اس معاملے پر ستمبر میں دوبارہ بات چیت کی جائے گی، امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ آئندہ تیار ہونے والا سیٹلمنٹ پلان آئی ایم ایف کی تجاویز کے مطابق مرتب کیا جائے گا۔

بقیہ 13

فاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے اس ماہ کے آغاز میں تہران کے اپنے دورے کا ذکر کرتے ہوئے جہاں انہوں نے مرحوم سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کی تھی، سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای اور صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کیلئے اپنی نیک تمناؤں اور احترام کا پیغام پہنچایا۔ وزیراعظم نے خلیج میں حالیہ کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا، اور خطے میں امن واستحکام کے لیے اپنے مضبوط عزم کا اعادہ کیا۔ ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے اسلام آباد میں اپنے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ایرانی قیادت کی جانب سے وزیراعظم کے لیے نیک خواہشات اور خیرسگالی کا پیغام بھی پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سرکاری حکام پر مشتمل وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔ ایرانی وزیر داخلہ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ثالثی کی انتھک کوششوں کو سراہا، جن کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت طے پائی۔ انہوں نے مرحوم سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کے لیے وزیراعظم کے تہران کے دورے پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 14

کیا زرعی، صحت اور برآمدات سے متعلق فیصلے صرف کاغذوں تک محدود رہے؟ غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز اور شہری پھیلاؤ روکنے کے حکومتی دعوؤں کا کیا بنا؟ وفاق نے ہیپاٹائٹس، ذیابیطس اور آبادی کنٹرول کے منصوبوں کی کارکردگی، کسانوں کو بیج، کھاد اور زرعی سہولیات کی فراہمی اور برآمدات بڑھانے کے ضلعی منصوبوں کی پیش رفت پر رپورٹ طلب کر لی۔ پلاننگ کمیشن کے اجلاس میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے قومی منصوبے پر عملدرآمد کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 15

سفیر قاسم محی الدین، وزارت قانون وانصاف کی سینئر کنسلٹنٹ اور انٹرنیشنل میڈی ایشن اینڈ آربیٹریشن سینٹر (آئی میک) کی پراجیکٹ ڈائریکٹر عائشہ رسول اور آئی میک کے رجسٹرار احسان اللہ خان شامل تھے جبکہ آذربائیجان کی جانب سے وزارت انصاف کے بین الاقوامی تعاون کے ڈائریکٹر جنرل عادل ابیلوف اور جسٹس اکیڈمی کے ریکٹر روشن اسماعیلوف سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ آذربائیجان کے وزیر انصاف فرید احمدوف نے پاکستانی وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی دوستی اور مضبوط ہوتے ہوئے تزویراتی تعلقات کو سراہا۔ انہوں نے وزارت ہائے انصاف کے درمیان قائم تعاون کو مثالی قرار دیتے ہوئے مختلف شعبوں میں ادارہ جاتی روابط مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ بیرسٹر عقیل ملک نے وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی نیک تمناؤں کا پیغام پہنچاتے ہوئے کہا کہ پاکستان دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کو ایسے عملی تعاون میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے جس سے دونوں ملکوں کے اداروں کو دیرپا فوائد حاصل ہوں۔ ملاقات میں مفاہمتی یادداشت پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ تعاون محض ایک فریم ورک تک محدود نہیں رہا بلکہ عملی شکل اختیار کر چکا ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد میں ایڈوانسڈ ٹریڈ پریکٹس: فرام سٹرکچر ٹو ڈومیسٹک لا پروگرام اور باکو میں دی جوڈیشل کرافٹ تربیتی پروگرام کے انعقاد کو اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ دونوں وزراء نے عدالتی تعلیم، ادارہ جاتی استعداد کار، قانونی تحقیق، قانون سازی، انصاف کے نظام کی ڈیجیٹل تبدیلی، ثالثی اور مصالحت جیسے متبادل تنازعاتی حل کے فروغ پر تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اس کے علاوہ عدالتی اکیڈمیوں، قانونی ماہرین اور انصاف کے شعبے سے وابستہ اداروں کے درمیان مسلسل تبادلوں کو بھی اہم قرار دیا گیا تاکہ تجربات اور بہترین بین الاقوامی طریقہ کار سے استفادہ کیا جاسکے۔ ملاقات میں عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے عدالتی انتظام، ڈیجیٹل انصاف کے اقدامات اور نئی ٹیکنالوجیز کے ذمہ دارانہ استعمال کے ذریعے انصاف کی فراہمی کو زیادہ مؤثر، قابل رسائی اور عوام کا اعتماد بڑھانے پر زور دیا۔ دونوں ممالک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مفاہمتی یادداشت کے تحت باقاعدہ ادارہ جاتی روابط، مشترکہ پروگراموں اور اعلیٰ سطح کے تبادلوں کے ذریعے عمل درآمد جاری رکھا جائے گا تاکہ قانون کی حکمرانی مضبوط ہو، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہو اور جدید، موثر اور عوام دوست نظام انصاف کے قیام میں مدد ملے

بقیہ 16

کرائے جاسکیں گے، ڈیلیمیٹیشن اتھارٹی 1 اکتوبر 2026 تک اعتراضات پر فیصلہ کرنے کی پابند ہوگی، ڈیلیمیٹیشن کمیٹی کو فیصلے کی منتقلی کی آخری تاریخ 8 اکتوبر مقرر کی گئی ہے، تمام مراحل کے مکمل ہونے کے بعد یونین کونسلوں کی حتمی فہرست فارم 9 پر 13 اکتوبر کو جاری ہوگی

بقیہ 17

ہی رابطے کو مزید مؤثر بنانے اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنے پر زور دیا گیا۔ آر ڈبلیو ایم سی، پیرا، محکمہ تعلیم، میونسپل کارپوریشن، ضلع کونسل، محکمہ زراعت اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی اپنی ذمہ داریوں پر مکمل توجہ دیتے ہوئے پری اسموگ ایکشن پلان پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹرز) عبدالرحمن نے کہا کہ اسموگ کی روک تھام کے لیے پیشگی اقدامات ناگزیر ہیں، اس لیے تمام محکمے مربوط انداز میں کام کریں اور ہر سطح پر مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فصلوں کی باقیات جلانے، گردوغبار، دھواں چھوڑنے والی سرگرمیوں اور ماحولیاتی آلودگی کے دیگر اسباب کی مؤثر روک تھام کے لیے بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ اجلاس میں عوامی آگاہی مہم کو مزید تیز کرنے پر بھی زور دیا گیا تاکہ شہری اسموگ سے بچاؤ، ماحولیاتی تحفظ اور حکومتی ہدایات پر عملدرآمد کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں بخوبی ادا کرسکیں۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ضلع راولپنڈی میں صاف اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے

بقیہ 18

اور مؤثر کمیونٹی آگاہی کے حوالے سے تربیت فراہم کی گئی۔ تربیت مکمل کرنے والی یہ گرل گائیڈز اب اپنے اسکولوں، کالجوں اور مقامی کمیونٹیز میں پولیو آگاہی سیشنز کا انعقاد کریں گی، اپنے ہم عمر ساتھیوں اور والدین تک درست معلومات پہنچائیں گی اور انہیں ہر قومی انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلانے کی ترغیب دیں گی۔ پنجاب انسداد پولیو پروگرام کے مطابق صوبے میں اس وقت پولیو وائرس کی نگرانی کے تحت حاصل ہونے والے تمام ماحولیاتی نمونے منفی ہیں جو پولیو کے خلاف جاری کوششوں کی کامیابی کا مظہر ہیں تاہم حکام نے اس بات پر زور دیا کہ یہ کامیابی اسی صورت برقرار رہ سکتی ہے جب ہر بچے کو ہر پولیو مہم کے دوران حفاظتی قطرے پلائے جائیں اور وائرس کی دوبارہ منتقلی کے خطرے کو روکنے کے لیے مسلسل احتیاط اور آگاہی کو فروغ دیا جائے۔ اس موقع پر پنجاب انسداد پولیو پروگرام کے حکام نے کہا کہ نوجوانوں، خصوصاً گرل گائیڈز کی شمولیت سے پولیو سے متعلق مثبت پیغام گھر گھر، بالخصوص ماؤں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان رضا کار اپنی کمیونٹیز میں اعتماد کے ساتھ درست معلومات فراہم کرتے ہوئے ویکسین سے متعلق پائے جانے والے شکوک و شبہات اور غلط معلومات کا مؤثر جواب دے سکتی ہیں۔ پاکستان گرل گائیڈز ایسوسی ایشن کی نمائندگان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گرل گائیڈز معاشرے میں مثبت تبدیلی کی سفیر کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی اور ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانے کے قومی مقصد میں بھرپور تعاون جاری رکھیں گی۔ پنجاب انسداد پولیو پروگرام نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ ہر انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں کیونکہ مسلسل ویکسینیشن ہی پاکستان کو ہمیشہ کے لیے پولیو سے پاک بنانے کی ضمانت ہے

بقیہ 19

اور لاکھوں افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے، مون سون بارشیں ہر سال تباہی کا باعث بنتی ہیں جبکہ ملک کو سیلاب کے ساتھ ساتھ خشک سالی جیسے مسائل کا بھی سامنا ہے۔ عدنان پاشا نے بتایا کہ پاکستان میں انشورنس کا شعبہ انتہائی محدود ہے اور تقریباً سات لاکھ افراد کے پاس ہی لائف انشورنس موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انشورنس کے فروغ میں سب سے بڑی رکاوٹ پالیسی نہیں بلکہ عوامی آگاہی کی کمی اور ڈسٹری بیوشن کے مسائل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے متعارف کرائی گئی مختلف اسکیموں کا مقصد انشورنس کو عام آدمی تک پہنچانا ہے۔ زرعی شعبے کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ پاکستانی بینکوں کو سپارکو کے ذریعے فصلوں کا ڈیٹا فراہم کیا جارہا ہے جس سے زرعی قرضوں اور پیداوار کا درست اندازہ لگایا جا سکے گا۔ مشیر خزانہ کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہو رہے ہیں، ایسے میں انشورنس کے شعبے کو مضبوط بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مصنوعی ذہانت انشورنس کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے اور اس کے ذریعے خدمات کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زرخیزی، اپنا گھر اور نیو انرجی سمیت حکومتی اسکیموں میں انشورنس کے وسیع مواقع موجود ہیں اور وزارت خزانہ اس شعبے کو وسعت دینے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کو تیار ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ ایکچوریل اسٹڈیز کے شعبے میں طلبہ کی دلچسپی قابل دید ہے، حکومت سندھ صنعت کے استعداد کار میں اضافے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کو تیار ہے، آئی اے پی اور پی ایس او اے کے ساتھ مشترکہ اقدامات کا خیرمقدم کروں گا، حکومت سندھ انشورنس صنعت کی اہمیت اور معیشت کی ترقی میں اس کے کلیدی کردار کو بخوبی تسلیم کرتی ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ انشورنس کی صنعت صوبہ سندھ کے سیلز ٹیکس دینے والے بڑی صنعتوں میں سے ہے، سندھ حکومت پہلی صوبائی حکومت ہے جس نے تھرڈ پارٹی وہیکل انشورنس کو متعارف کرایا ہے، ٹریفک حادثے کی صورت میں جاں بحق ہونے والوں یا مستقل معذور ہونے والوں کو کلیمز 45 دن میں دیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 2 لاکھ گاڑیوں کو تھرڈ پارٹی موٹر وہیکل انشورنس فراہم کی جا چکی ہے، سندھ حکومت نے فصلوں کی انشورنس کو سیلز ٹیکس فری کر دیا ہے،

بقیہ 20

اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس عمومی کا دوروزہ دستوری اجلاس 19،20 ستمبر 2026 کو ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ چاروں صوبوں میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا جس سے مولانا فضل الرحمان اور دیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب کریں گے۔ اسلم غوری نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام پنجاب کے زیراہتمام ستمبر، اکتوبر اور نومبر 2026 میں بڑے اجتماعات کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا۔ ان اجتماعات سے مولانا فضل الرحمن اور مرکزی وصوبائی قائدین خطاب کریں گے۔ ترجمان کے مطابق مرکزی مجلس عاملہ نے قصور میں ہونے والے عظیم الشان تحفظ مدارس دینیہ وعوامی حقوق کانفرنس میں مولانا فضل الرحمن کی تقریر اور بیانیے کی مکمل حمایت کی۔ اسلم غوری نے کہا کہ مارچ 2027 میں جمعیت علماء اسلام پاکستان کی سرپرستی اور نگرانی میں صوبہ سندھ کی جمعیت کے زیر اہتمام امن عالم کانفرنس سکھر کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس اجتماع میں لاکھوں کی تعداد میں عوام شریک ہونگے جبکہ پاکستان سمیت عالم اسلام کے ممتاز اسلامی اسکالرز و دیگر زعماء شریک ہونگے

بقیہ 21

نوکنڈی، یک مچ، دالبندین اور چاغی ٹاؤن) تک بڑھایا جائے گا۔ چار روزہ تربیتی ورکشاپ کے دوران مقامی وینڈرز کو کمپنی کی خریداری پالیسیوں، اریبا نیٹ ورک※ کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن، بولی کی تیاری، لاجسٹکس، ٹیکسیشن اور ادائیگی کے طریقہ کار کے بارے میں عملی معلومات فراہم کی گئیں۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریکوڈک مائننگ کمپنی کے مینیجر سپلائی چین، جوان اینسلن نے کہا کہ مقامی کاروباری اداروں کی ترقی ریکوڈک منصوبے کی طویل المدتی کامیابی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ بلوچستان بالخصوص ضلع چاغی کے سپلائرز کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ڈھال کر ہم نہ صرف اپنی سپلائی چین کو مضبوط کر رہے ہیں بلکہ علاقے میں پائیدار معاشی مواقع بھی پیدا کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی اور اسسٹنٹ کمشنر تفتان عبداللہ کاشانی نے بھی تربیتی سیشن کا دورہ کیا اور مقامی تاجروں کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے کمپنی کی ان کاوشوں کو سراہا۔ تقریب کے اختتام پر شرکا میں اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 22

میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ کشمیریوں کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کیلئے سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کریں۔ رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور جنوبی ایشیا میں پائیدار امن مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ حل سے ہی ممکن ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے خطاب میں بیرسٹر سردار محمد ابراہیم خان کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ریاست جموں وکشمیر کے پاکستان سے الحاق کی جدوجہد میں تاریخی اور فیصلہ کن کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر سردار محمد ابراہیم خان کی بصیرت، بے مثال قیادت اور لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور قوم ان کی گرانقدر خدمات کو ہمیشہ قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھتی رہے گی۔ سابق صدر آزاد کشمیر مسعود خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ 19 جولائی 1947 کو کشمیریوں نے متفقہ طور پر پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کیا۔ مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ کشمیر کے معاملے پر پاکستان کا موقف واضح اور مضبوط ہے۔ سیمینار میں چیئرمین بورڈ آف گورنرز آئی ایس ایس آئی سفیر خالد محمود، کشمیری رہنما و انسانی حقوق کی کارکن محترمہ شمیم شال، سعید سلطان سمیت سفارت کاروں، ماہرین، محققین، اساتذہ، میڈیا نمائندگان اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 23

پیش نظر انتہائی احتیاط سے ڈرائیونگ کی جائے۔ پہاڑی علاقوں میں سفر کرنے والے افراد موسمی صورتحال اور سڑکوں کی حالت سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد ہی سفر کریں جبکہ خراب موسم میں غیر ضروری نقل وحرکت سے حتی الامکان اجتناب کیا جائے۔ ترجمان ریسکیو 1122 نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ گرج چمک اور آسمانی بجلی کے دوران کھلے مقامات، بلند درختوں، بجلی کے کھمبوں اور دیگر خطرناک مقامات سے دور رہیں۔ برساتی ندی نالوں، تیز بہاؤ والے پانی اور نشیبی علاقوں میں جانے یا پانی عبور کرنے کی ہرگز کوشش نہ کریں کیونکہ اس سے قیمتی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح ایسے علاقوں میں رہائش یا تعمیرات سے بھی گریز کیا جائے جہاں لینڈ سلائیڈنگ یا سیلابی صورتحال کا خدشہ موجود ہو۔ ریسکیو 1122 مری نے مزید ہدایت کی ہے کہ شہری پرانے، خستہ حال اور بوسیدہ مکانات میں رہائش اختیار کرنے سے گریز کریں اور بارش کے پانی کی مناسب نکاسی کا مؤثر انتظام یقینی بنائیں تاکہ عمارتوں کو نقصان اور دیگر حادثات سے بچا جاسکے۔ بارش اور نمی کے باعث بجلی کے آلات، ٹوٹی ہوئی تاروں اور دھاتی اشیاء میں کرنٹ آنے کا خدشہ بھی بڑھ جاتا ہے اس لیے بجلی کے کھمبوں، متاثرہ تاروں اور پانی میں موجود برقی آلات سے ہر صورت دور رہنے کی تلقین کی گئی ہے۔ ریسکیو 1122 مری نے شہریوں اور سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مون سون سیزن کے دوران جاری کردہ حفاظتی ہدایات پر مکمل عمل کریں، اپنی اور دوسروں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائیں اور کسی بھی حادثے یا ہنگامی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر ریسکیو کی ہیلپ لائن 1122 پر اطلاع دیں تاکہ بروقت امدادی کارروائی عمل میں لائی جاسکے

بقیہ 24

روانہ نہیں ہوگی۔ اسی طرح سیالکوٹ سے براستہ لاہور کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس (10 ڈاؤن) بھی 21 جولائی کو سیالکوٹ سے روانہ نہیں ہوگی۔ اعلامیے کے مطابق راولپنڈی سے براستہ لاہور کراچی جانے والی گرین لائن (6 ڈاؤن) اور تیز گام (8 ڈاؤن) بھی 21 جولائی کو راولپنڈی سے روانہ نہیں ہوں گی، جبکہ راولپنڈی سے براستہ فیصل آباد کراچی جانے والی پاکستان ایکسپریس (46 ڈاؤن) بھی منسوخ کر دی گئی ہے۔ پاکستان ریلوے نے مسافروں سے کہا ہے کہ وہ اپنے قریبی ریزرویشن دفتر یا لاہور ریزرویشن آفس سے ٹکٹ کی مکمل رقم واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور انعام اللہ کی ہدایت پر مسافروں کی سہولت کے لیے مسافر سہولت عملہ بروقت اسٹیشنوں پر موجود رہے گا، جبکہ مزید معلومات اور تازہ صورتحال کے لیے ریلوے انکوائری نمبر 117 پر رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 25

جوڈیشل ریفارم فریم ورک کو ورلڈ جسٹس پراجیکٹ رول آف لا انڈیکس سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔ فریم ورک کا مقصد پاکستان میں شواہد پر مبنی عدالتی اصلاحات کو فروغ دینا ہے، جبکہ فریم ورک کے ذریعے انصاف تک رسائی، شفافیت اور پیش گوئی کی صلاحیت کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ فریم ورک میں قابل پیمائش کارکردگی کے معیارات اور بین الاقوامی معیار شامل کیے گئے ہیں۔ اجلاس میں ہائی کورٹس کے چیف جسٹس صاحبان نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر قانون وانصاف اور سیکرٹری وزارت قانون وانصاف نے خصوصی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی جبکہ پاکستان بار کونسل اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نمائندے بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ ہائی کورٹس نیشنل جوڈیشل ریفارم فریم ورک اور انٹرنیشنل فریم ورک فار کورٹ ایکسیلینس کی ''سیلف اسسمنٹ چیک لسٹ اختیار کر سکیں گی۔ ہائی کورٹس اصلاحاتی پیش رفت کا سہ ماہی جائزہ اور رپورٹنگ کا مؤثر نظام قائم کریں گی۔ لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان اور وزارت قانون وانصاف فریم ورک پر عمل درآمد کے لیے خصوصی سیل قائم کریں گے۔ فریم ورک پر عمل درآمد سے متعلق پیش رفت کا جائزہ 8 اکتوبر 2026 کے اجلاس میں لیا جائے گا۔ لا اینڈ جسٹس کمیشن سیکرٹریٹ رول آف لاء اشاریوں کی نشاندہی اور توثیق کرے گا جبکہ رول آف لا اشاریے مرحلہ وار نیشنل جوڈیشل اینالیٹکس ڈیش بورڈ میں شامل کیے جائیں گے۔ لا اینڈ جسٹس کمیشن سیکرٹریٹ این آئی ٹی بی کے تعاون سے پیش رفت کی نگرانی کے لیے خصوصی ٹیکنالوجی پلیٹ فارم تیار کرے گا۔ خصوصی پلیٹ فارم کے ذریعے اصلاحات سے متعلق باقاعدہ پیش رفت رپورٹس تیار کی جائیں گی

بقیہ 26

خارجہ سے چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے ملاقات کی، جس میں پاک چین دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور حالیہ سفارتی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے اس موقع پر زور دیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ موسمی تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت (اے آئی)، ابھرتی ہوئی جدید ٹیکنالوجیز اور دیگر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے اسٹریٹجک تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والے فیصلوں پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد سے دوطرفہ تعاون کو نئی وسعت ملے گی۔ نائب وزیراعظم نے سفیر خلیل ہاشمی کو متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ رکھ کر تمام مفاہمتوں کی پیش رفت کو تیز کرنے کی ہدایت بھی کی۔ ملاقات میں پاک چین تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں عملی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 27

سیلابی ریلوں کا خدشہ ہے۔ آزاد جموں وکشمیر میں دریائے جہلم، دریائے نیلم، دریائے پونچھ، دریائے مہل، بیتاڑ نالہ، بھمبر نالہ، کاشی دریا اور جہلم و پونچھ کی معاون ندی نالوں میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہونے کا امکان ہے۔ خیبر پختونخوا میں دریائے چترال، دریائے کابل، دریائے سوات، دریائے پنجکوڑہ، مقم نالہ، کلپانی نالہ سمیت خیبر، کرم، اورکزئی، کوہاٹ، بنوں، کرک، ہنگو، لکی مروت، شمالی وجنوبی وزیرستان، باجوڑ، مہمند، مانسہرہ، بونیر اور صوابی کے مقامی ندی نالوں میں سیلابی ریلوں کا خدشہ ہے۔ پنجاب میں ڈی جی خان کے پہاڑی برساتی نالوں، دریائے سواں، پوٹھوہار ریجن جبکہ شمال مشرقی بلوچستان کے برساتی ندی نالوں اور دریاؤں میں بھی طغیانی کا امکان ہے۔ دریائے چناب (مرالہ)، دریائے جہلم (منگلا کے بالائی علاقے) میں اونچے درجے کا سیلاب جبکہ ڈورا، ڈوٹا، ڈوارہ، بھمبر، بلسی، ایک، پلکھو، بین، بسنتر، ڈیک اور سکھی نالوں میں بھی پانی کی سطح میں اچانک اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ 28

انتخابات کا مقصد صرف مقررہ تاریخ پر پولنگ کرانا نہیں بلکہ عوام کو خوف سے آزاد ماحول میں اپنے حق رائے دہی کے استعمال کا موقع فراہم کرنا ہے۔ خط میں مطالبہ کیا گیا کہ الیکشن کمیشن آزاد کشمیر بھر میں امن وامان کی صورتحال کا فوری اور جامع جائزہ لے، جبکہ سول انتظامیہ، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے انتخابات سے متعلق تفصیلی رپورٹس طلب کی جائیں۔ سابق وزیراعظم آزاد کشمیر نے الیکشن کمیشن سے تمام بڑی سیاسی جماعتوں اور اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہنگامی مشاورت کر کے زمینی حقائق کا جائزہ لینے کی بھی اپیل کی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حالات معمول پر آنے تک 27 جولائی 2026 کے عام انتخابات مناسب مدت کے لئے ملتوی کیے جائیں تاکہ عوام کو پرامن اور محفوظ ماحول میں ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہو سکے۔

بقیہ 29

ماتحت عدالتوں کے فیصلوں کے باوجود اصل ورثا کو ان کا حق نہیں دیا جاسکا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ عدالتی فیصلوں کے مطابق اوپلی خاندان کا وراثت، سجادہ نشینی یا جائیداد سے کوئی قانونی تعلق ثابت نہیں ہوا، تاہم مبینہ طور پر عدالتی فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر کی جا رہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سپریم کورٹ میں حالیہ سماعت کو بعض حلقوں کی جانب سے اپنی کامیابی قرار دے کر گمراہ کن مہم چلائی گئی، حالانکہ متعلقہ درخواستیں صرف چند بونا فائیڈ خریداروں سے متعلق تھیں۔ انہوں نے چیف جسٹس پاکستان سے معاملے کا نوٹس لینے، وزیراعلیٰ پنجاب سے قبضہ مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے اور متعلقہ انتظامیہ کو سپریم کورٹ کے حتمی فیصلے پر فوری عملدرآمد یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اور ان کے اہل خانہ کو مبینہ طور پر دھمکیوں کا بھی سامنا ہے اور حکومت سے جان ومال کے تحفظ کی اپیل کی

بقیہ 30

ملک سے غربت اور بے روزگاری میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کی نئی جہت ملے گی۔ اس معاہدے پر فوجی فاؤنڈیشن پاکستان، شالان اینڈ جی ایل اور سعودی عرب کی معروف آپریٹنگ کمپنی برائے ہنگر اسٹیشن کے درمیان دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے ایچ ایم گروپ کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوئی۔ فوجی فاؤنڈیشن پاکستان کی جانب سے میجر جنرل (ر) احسان محمود، شالان اینڈ جی ایل کی طرف سے خالد نواز سدھرانچ جبکہ آپریٹنگ کمپنی برائے ہنگر اسٹیشن کی جانب سے سعودی وفد کے سربراہ نازیح النوری نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ اس موقع پر دیگر حکام کے علاوہ کرنل عارف بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت تینوں ادارے مشترکہ طور پر ہزاروں اہل اور تربیت یافتہ پاکستانی ڈرائیوروں کی سعودی عرب میں بھرتی کے عمل کو سہولت فراہم کریں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شالان ایجنسی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد نواز سدھرانچ نے معاہدے کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ہنرمند افرادی قوت کو دیگر ممالک کی لیبر پر ترجیح دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان اخوت و بھائی چارے کے احساسات اور جذبات کو نیا جنم ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ شراکت داری نہ صرف ہزاروں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرے گی

بقیہ 31

دریافت ہوا۔ اس تحقیق میں 13 ہزار سے زائد افراد کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا گیا اور دیکھا گیا کہ سویٹنرز کے استعمال سے دماغی صحت اور افعال پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس تحقیق میں 7 عام سویٹنرز کو شامل کیا گیا تھا جن میں اکثر کو الٹرا پراسیس غذاؤں اور دیگر کم کیلوریز والی غذاؤں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ تحقیق میں شامل افراد کی صحت کا جائزہ 8 سال تک لیا گیا اور ان سے تفصیلی سوالنامے بھروا کر گزشتہ سال کے دوران غذاؤں اور مشروبات کے استعمال کی تفصیلات حاصل کی گئیں۔ اس طرح محققین کو مصنوعی مٹھاس کے استعمال کی بنیاد پر 3 گروپس تشکیل دینے میں مدد ملی۔ ایک گروپ ان افراد پر مشتمل تھا جو روزانہ کی بنیاد پر بہت کم مقدار (20 ملی گرام اوسطاً) پر مشتمل تھا جبکہ ایک گروپ سب سے زیادہ مقدار (191 ملی گرام اوسطاً) استعمال کرنے والے افراد کا تھا۔ تحقیق کے آغاز، درمیان اور اختتام پر ان افراد کے دماغی افعال جیسے یادداشت کی آزمائش کے ٹیسٹ بھی کیے گئے۔ نتائج سے معلوم ہوا کہ جو افراد زیادہ مقدار میں سویٹنرز کا استعمال کرتے ہیں، ان میں دماغی تنزلی کی رفتار کم مقدار میں مصنوعی مٹھاس استعمال کرنے والوں کے مقابلے میں 62 فیصد زیادہ تیز ہوتی ہے۔ اسی طرح اعتدال میں رہ کر مصنوعی مٹھاس کے استعمال سے دماغی تنزلی کی رفتار کی شرح 35 فیصد تیز ہو جاتی ہے۔ محققین نے بتایا کہ عام طور پر سویٹنرز کو چینی کا صحت مند متبادل تصور کیا جاتا ہے مگر نتائج سے واضح ہوتا ہے کہ مخصوص سویٹنرز سے دماغی صحت پر وقت کے ساتھ منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تحقیق میں وجہ کا تعین نہیں ہوسکا اور نہ یہ ثابت ہوسکا کہ سویٹنرز براہ راست دماغی تنزلی کا باعث بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال یہ ایک تعلق ہے اور اس حوالے سے مزید تحقیق کی ضرورت ہے

بقیہ 32

میں لیا گیا۔ اجلاس میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، انسداد جرائم، تفتیشی کارکردگی، سیف سٹی نگرانی، انٹیلی جنس بیسڈ پولیسنگ، ایمرجنسی رسپانس، منظم جرائم پیشہ گروہوں، اشتہاریوں، عادی مجرمان، منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ جرائم میں نمایاں کمی پر یونٹ، پیٹرول، پرسیو حکمت عملی، انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں، موٹو گشت اور سیف سٹی کے جدید نگرانی نظام کی بدولت ممکن ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ انوسٹی گیشن ونگ نے جدید سائنسی شواہد اور پیشہ ورانہ مہارت کی بنیاد پر اہم مقدمات کی کامیاب تفتیش اور ملزمان کی گرفتاری میں بھی مؤثر کردار ادا کیا۔ انہوں نے پولیس افسران اور اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ پریوینٹو پولیسنگ، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور سیف سٹی نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ، قانون کی بلاامتیاز عملداری اور بروقت انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 33

منعقد کی، جہاں شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ ایس ایس پی آپریشنز نے درخواست گزاروں کے مسائل سننے کے بعد متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مارک شدہ درخواستوں پر مقررہ مدت کے اندر میرٹ کے مطابق قانونی کارروائی مکمل کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس خواتین اور بچوں پر تشدد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، تمام شہری برابر کے حقوق رکھتے ہیں اور ہر درخواست کا فیصلہ میرٹ پر کیا جائے گا، جبکہ شہریوں کے جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے

بقیہ 34

بق گرفتار ملزم نے گھریلو جھگڑے کے دوران اپنے داماد کو چھری کے وار کر کے زخمی کر دیا تھا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 35

جبکہ سعودی وفد کے سربراہ نازیح النوری نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت تربیت یافتہ پاکستانی ڈرائیوروں کی سعودی عرب میں بھرتی، ویزا پراسیسنگ، دستاویزی کارروائی اور تعیناتی کے تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شالان اینڈ جی ایل کے چیف ایگزیکٹو خالد نواز سدھرانچ نے کہا کہ یہ معاہدہ ہزاروں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا، ترسیلات زر میں اضافہ ہوگا اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی وافرادی قوت کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ سعودی وفد نے پاکستانی شراکت داروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے مستقبل میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار بھی کیا

بقیہ 36

۔ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی شمالی پنجاب اور جماعت اسلامی آزاد کشمیر حلقہ پاکستان کے ذمہ داران اور امیدواران قانون ساز اسمبلی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا گیا۔ اجلاس سے امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر حلقہ پاکستان راجہ فاضل تبسم، نائب امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر نورالباری، قیم جماعت اسلامی شمالی پنجاب محمد اقبال خان، نائب امیر جماعت اسلامی شمالی پنجاب حافظ تنویر احمد، امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی سید عارف شیرازی، امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر ضلع اسلام آباد عطاالرحمان چوہان سمیت جماعت اسلامی کے رہنماؤں راجہ جواد احمد، نثار احمد شاہق رانا عمر صدیق، سعید احمد خان ایڈووکیٹ، حنیف منظور ڈار سید ضیااللہ شاہ عنصر محمود دھول ایڈووکیٹ مسعود بٹ اویس اسلم مرزا ڈاکٹر طاہر فاروق مرزا افضل جرال، راجہ عمیر میر، تسنیم عالم منظر، مولانا خالد عمران اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ جماعت اسلامی ملک اور آزاد کشمیر میں شفاف، منصفانہ اور عوامی امنگوں کے مطابق انتخابی عمل پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 37

سے صورتحال کو چوبیس گھنٹے مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے جبکہ حساس مقامات، برساتی نالوں، شاہراہوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے خدشات والے علاقوں کی خصوصی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں اور سیاحوں سے اپیل کی کہ وہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس سے مکمل تعاون کریں، غیر ضروری رش سے گریز کریں اور مری کا سفر اختیار کرنے سے قبل محکمہ موسمیات کی پیش گوئی اور موجودہ موسمی صورتحال سے ضرور آگاہی حاصل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاح ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ احتیاطی ہدایات پر مکمل عمل کریں، گاڑیاں صرف مقررہ پارکنگ مقامات پر کھڑی کریں، لینڈ سلائیڈنگ کے خدشات والے علاقوں میں غیر ضروری قیام سے گریز کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی صورت میں متعلقہ اداروں سے فوری رابطہ کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کی جان ومال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور مون سون کے دوران تمام ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فیلڈ میں موجود رہتے ہوئے صورتحال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں تاکہ شہریوں اور سیاحوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 38

بھیر پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 21 ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 665 گرام آئس، 330 گرام ہیروئن، 20 بوتل شراب، مختلف بور کے 13 پستول معہ ایمونیشن اور تین خنجر برآمد کیے گئے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں اشتہاری مجرمان، سابقہ ریکارڈ یافتہ افراد اور عدالتی مفروروں کے خلاف خصوصی مہم کے دوران مزید 13 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے ہمہ وقت متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن'' پکار'' پر دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے وفاقی دارالحکومت کو جرائم سے پاک رکھا جاسکے۔

بقیہ 39

بے بنیاد ہے، ملک کی اعلیٰ ترین تجارتی تنظیم پر الزامات بدنیتی پر مبنی اور ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی دانستہ کوشش ہیں۔ اپنے ایک بیان میں عاطف اکرام شیخ نے مبینہ تنازع کے حوالے سے ایف پی سی سی آئی کی طرف سے مکمل لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ایف پی سی سی آئی کسی بھی قسم کے ویزے جاری یا فروخت نہیں کرتی، تجارتی وفود کا مقصد صرف تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کا فروغ ہے، ایف پی سی سی آئی ملکی قوانین اور طے شدہ ضوابط کے ساتھ کام کرنے کیلئے سرگرم ہے۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی کا مبینہ ویزہ اسکینڈل، انسانی سمگلنگ یا کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں، ایف پی سی سی آئی پاکستان کے تجارتی وفود کو شفافیت کے ساتھ بھیجنے کے عزم پر کاربند ہے، ایف پی سی آئی نے خواتین وفد کیلئے ویزے کی کوئی درخواست دی نہ ہی ہماری سفارش پر کوئی ویزہ جاری کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی کے تحت تمام ویزہ ریکمنڈیشن لیٹر مکمل جانچ پڑتال اور میرٹ کو مدنظر رکھ کر جاری کیے جاتے ہیں، ایف پی سی سی آئی ویزہ خطوط کے حوالے سے تمام سفارتخانوں کی ہدایات پر سختی سے کاربند ہے۔

بقیہ 40

ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے 50 سالہ محمد عرفان ندیم ولد ملک محمد اشرف، سکنہ ڈھوک مسکین، کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور پولیس کی موجودگی میں زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ زخمی شخص ہوش میں تھا، جسے قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد مزید علاج کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 41

مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کیے گئے۔ کارروائی کے دوران 396 افراد، 195 گھروں، 85 دکانوں، 31 ہوٹلوں، 304 موٹر سائیکلوں اور 124 گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی، جبکہ مزید تفتیش کے لیے 12 مشکوک افراد اور 22 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ پولیس نے کارروائی کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں ملزمان کو گرفتار کر کے مختلف بور کے دو پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کیے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر میں سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبضہ مافیا، منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن'' پکار'' پر دیں۔

بقیہ 42

شتراک پر بھی اتفاق کیا گیا۔ دوطرفہ معاشی تعاون بڑھانے کیلئے دونوں جانب سے فوکل پرسنز مقرر کردیئے گئے۔ ملاقات میں ماہ اگست میں کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو میں پنجاب سے وزارتی اور تجارتی وفد بھرپور شرکت کرے گا۔ ایکسپو کینیڈا اسے پنجاب میں نئی سرمایہ کاری لانے میں کلیدی کردار ادا کرے گی کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو میں پنجاب کے وفد کی شرکت سے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا کینیڈا میں ہونے والی ایکسپو میں پنجاب کی بھرپور شرکت سے پنجاب میں سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔

بقیہ 43

مظالم اور مسلسل کشیدگی کے تناظر میں یہاں کے ہر جمہوری عمل کو انتہائی ذمہ داری، تدبر اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ پاکستان میں غیر جمہوری حکومتوں کے باوجود آزاد کشمیر جمہوری انداز میں الیکشن کروائے گئے۔ سردار عبدالقیوم نیازی نے کہا کہ اگر الیکشن کمیشن اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ امن وامان یا موجودہ حالات کے باعث کسی ایک ڈویژن میں مقررہ تاریخ پر انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں تو یہی اصول پورے آزاد جموں وکشمیر پر یکساں طور پر نافذ ہونا چاہیے۔

بقیہ 44

جان ومال کا تحفظ اور بہترین پولیس سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے

بقیہ 45

کی شرح 55 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ مجموعی طور پر 747,15 مہاجرین اور 774,11 سے زائد اقلیتی بچے بھی ان اداروں سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان مراکز میں 97 فیصد پرائمری، 3 فیصد مڈل اور مڈل ٹیک جبکہ ایک فیصد بالغوں کی خواندگی کے لیے مختص ہیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی سیکرٹری وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ندیم محبوب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد حکومت کی اولین ترجیح ملک کے 3.25 ملین آؤٹ آف اسکول بچوں کو تعلیمی دھارے میں واپس لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی اسٹریٹجی کے ذریعے ایک ایسا متحد نظام بنایا جا رہا ہے جو پرائمری سے میٹرک تک جدید فنی مہارتیں فراہم کرے گا تاکہ یہ بچے معاشی ترقی میں حصہ لے سکیں۔

بقیہ 46

انز ڈائنیٹی ایٹو کے ہمراہ ایک اور اجلاس کی صدارت کی، جس میں کے ایم آئی اہداف پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو باہمی رابطہ، موثر نگرانی اور بروقت کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس کے بعد اسسٹنٹ کمشنر نے دفتر میں سائلین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور مختلف درخواستوں اور شکایات کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 47

۔بعد ازاں انہوں نے زیر تعمیر سائبان ایس ڈی پی او آفس، خدمت مرکز، ٹریفک دفتر اور سیف سٹی پراجیکٹ کا معائنہ کیا اور منصوبوں کو مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، شفاف پولیسنگ اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 48

پری حصے کا تقریباً 22.5 فیصد حصہ جھلس گیا تھا۔ زخمی ہوش میں تھا اور اسے مزید علاج کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 49

ور متعلقہ حکام کو منصوبے بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، شفاف پولیسنگ اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 50

میں لائی جاسکیں۔ ریسکیو حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ مون سون کے دوران غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور حفاظتی تدابیر پر سختی سے عمل کریں۔ والدین اپنے بچوں کو بارش کے دوران نالہ لئی، برساتی نالوں، کھلے مین ہولز اور بجلی کے کھمبوں یا لٹکتی ہوئی بجلی کی تاروں کے قریب ہرگز نہ جانے دیں کیونکہ یہ مقامات انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔ ریسکیو ترجمان نے کہا کہ بارش کے دوران گاڑیاں آہستہ رفتار سے چلائی جائیں، زیر آب سڑکوں اور پانی سے بھرے ہوئے راستوں پر سفر سے اجتناب کیا جائے جبکہ اربن فلڈنگ کے خدشے کی صورت میں شہری بروقت محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں۔ اسی طرح خستہ حال عمارتوں اور کمزور چھتوں کے نیچے پناہ لینے سے بھی گریز کیا جائے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ شدید بارشوں، طغیانی اور بادل پھٹنے جیسے ممکنہ خطرات کے پیش نظر شہری دریاؤں، ندی نالوں اور سیاحتی مقامات کا رخ نہ کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر ریسکیو ہیلپ لائن 1122 پر اطلاع دیں تاکہ بروقت امدادی کارروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔ ریسکیو 1122 راولپنڈی کے مطابق مون سون سیزن کے دوران تمام ریسکیو اسٹیشنز، اہلکاروں اور امدادی وسائل کو مکمل طور پر الرٹ رکھا گیا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری اور مؤثر انداز میں نمٹا جاسکے۔

بقیہ 51

قتل کیس میں بھی ملوث کیا گیا ہے، حالانکہ ان کا اس واقعے سے کوئی تعلق نہیں۔ ترجمان نے دعویٰ کیا کہ سرلا بھٹ کے قتل کے وقت محمد یاسین ملک شدید زخمی حالت میں ایک خفیہ مقام پر زیر علاج تھے، کیونکہ 8 اپریل 1990 کو بھارتی فورسز کے ایک آپریشن کے دوران وہ پانچ منزلہ عمارت سے چھلانگ لگانے کے باعث شدید زخمی ہوئے تھے اور دو ماہ سے زائد عرصے تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہے۔ ان کے بقول ایسی حالت میں ان کا کسی بھی مجرمانہ کارروائی میں ملوث ہونا ممکن نہیں تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ لبریشن فرنٹ نے 1990ء میں سرلا بھٹ کے قتل کی نہ صرف مذمت کی تھی

بقیہ 52

صدر انجم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 53

وہ میرا اپنا ادارہ ہے، جی ایچ کیو کوئی خانہ کعبہ تو نہیں ہے جہاں جا کر احتجاج نہیں کیا جا سکتا، کیا میں اپنے ہی ادارے میں جا کر یہ نہیں کہہ سکتا کہ آپ یہ غلط کر رہے ہیں؟ ہم سیاسی لوگ ہیں اور سیاسی طور پر ہی بات کریں گے، ہم بندوق اٹھا کر یا تشدد کے ذریعے تو بات نہیں کریں گے۔ حکومتی اور دیگر سیاسی شخصیات پر سخت تنقید کرتے ہوئے اسلم غوری نے کہا کہ عائشہ گلالئی، حنا پرویز بٹ، عون چوہدری، مولانا طاہر اشرفی اور فیاض الحسن چوہان یہ سب چابی والے کھلونے ہیں، ان جیسے سیاست دانوں اور شخصیات کے منہ لگنے اور بات کرنے سے کہیں بہتر ہے کہ بندہ براہ راست اسی جگہ جائے جہاں سے ان میں چابی بھری جاتی ہے، جے یو آئی ف کے سینئر رہنما مولانا عبدالغفور حیدری نے بھی اسی تناظر میں جی ایچ کیو جانے کی بات کی تھی۔

بقیہ 54

میں ڈکیتی، چوری، نقب زنی اور ناجائز اسلحہ کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔ ایس پی صدر انجم شیر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 55

کی صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹوائلٹس کی صفائی پر مامور عملہ چوبیس گھنٹے موجود رہے تاکہ ہر وقت صفائی کا اعلیٰ معیار برقرار رکھا جا سکے اور مریضوں، تیمارداروں اور عملے کو صاف ستھرا ماحول میسر آئے۔ کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو باوقار، معیاری اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی خدمت میں غفلت، صفائی کے ناقص انتظامات یا طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ہسپتالوں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی جاری رہے گی۔

بقیہ 56

فاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے اس ماہ کے آغاز میں تہران کے اپنے دورے کا ذکر کرتے ہوئے جہاں انہوں نے مرحوم سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کی تھی، سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای اور صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کیلئے اپنی نیک تمناؤں اور احترام کا پیغام پہنچایا۔ وزیراعظم نے خلیج میں حالیہ کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا، اور خطے میں امن واستحکام کے لیے اپنے مضبوط عزم کا اعادہ کیا۔ ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے اسلام آباد میں اپنے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ایرانی قیادت کی جانب سے وزیراعظم کے لیے نیک خواہشات اور خیرسگالی کا پیغام بھی پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سرکاری حکام پر مشتمل وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔ ایرانی وزیر داخلہ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ثالثی کی انتھک کوششوں کو سراہا، جن کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت طے پائی۔ انہوں نے مرحوم سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کے لیے وزیراعظم کے تہران کے دورے پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، صوبائی وزیر تجارت

کینیڈین ہائی کمشنر کیساتھ ملاقات کے دوران پنجاب اور کینیڈا کے مابین مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، فوکل پرسنز مقرر

غیر ملکی سرمایہ کاری لانا مشن، کینیڈا انٹرنیشنل ایکسپو میں وزارتی اور تجارتی وفد بھرپور شرکت کریگا، طارق علی خان سے گفتگو



راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان سے کینیڈا کے سفارت خانے میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ معاشی تعاون بڑھانے اور پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران پنجاب اور کینیڈا کے مابین زراعت، لائیو سٹاک اور دیگر شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق ہوا ملاقات میں کینیڈین پلسز ایسوسی ایشن اور پاکستان کی گینولا ایسوسی ایشن کے مابین ا(بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی، بنک روڈ پر نئے کاروباری مرکز کا افتتاح شاہد غفور پراچہ، حافظ اقبال رضوی اور دیگر کر رہے ہیں

امریکہ کے حملے جاری، ایران نے کویت، بحرین پر میزائل داغ دیئے، 4 امریکی فوجی ہلاک

فضائی دفاعی نظام ایرانی میزائل اور ڈرونز کو تباہ کر رہا، کویتی فوج، امریکہ اور ایران کے ایک دوسرے کیخلاف مزید کارروائیوں کے دعوے

امریکی فوج کے ریڈار نظام کیلئے 'تاریک رات' رقم کر دی، پاسداران انقلاب، 100 امریکی فوجی زخمی ہوئے، پینٹا گون

تہران، واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا نے مسلسل دوسرے روز ایران پر بمباری کی اور ایرانی فوجی کمانڈ سینٹرز کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا جس کے جواب میں ایرانی فوج نے کویت اور بحرین میں امریکی فوجی اڈوں پر میزائل داغ دیئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جزیرہ قشم، بندر عباس، چابہار، کنارک اور اصفہان میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئی ہیں تاہم ایرانی حکام کی جانب سے فوری طور پر حملوں کے نقصانات یا ہلاکتوں کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ خلیج فارس کے ساحل پر واقع قصبے سرک کے قریب متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی گئی ہیں، ارنا کے مطابق آج ہونے والے دھماکوں کی صحیح جگہ کا ابھی تک تعین نہیں ہوسکا ہے اور بعض مقامی رپورٹس میں سمندر میں آوازیں سنائی دینے کی اطلاع ملی ہے۔ دوسری جانب پاسداران انقلاب کے مطابق کرمان کے علاقے رود بار جنوبی کی فضاؤں میں امریکی فوج کی جانب سے داغے گئے کروز میزائل کو ناکارہ بنا دیا گیا۔ امریکی سینٹر کمانڈ نے کہا ہے کہ امریکی فوج کے مسلسل دوسری رات ایران پر حملے مکمل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

آزاد کشمیر الیکشن، ن لیگ کا ایم کیو ایم سے رابطے کا فیصلہ

سعد رفیق کی قیادت میں وفد کی ایم کیو ایم کے سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول سے ملاقات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ایم کیو ایم سے آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں حمایت کے لیے رابطے کا فیصلہ کرلیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیئر رہنما (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے کینیڈا کی وزیر خارجہ ملاقات کر رہی ہیں

پاکستانی ہائی کمشنر کی برطانوی کابینہ کان پارلیمنٹ سے ملاقاتیں، آزاد کشمیر مسائل پر امن حل پر اتفاق

آزاد کشمیر میں تمام فریق اس بات پر متفق ہیں کہ مسائل کا حل پرامن طریقے سے نکالا جانا چاہیے، لارڈ قربان حسین

متعلقہ فریقین مل کر آزاد کشمیر کی صورتحال کا حل تلاش کرنا چاہیے، مسئلے کا پرامن حل سب کے مفاد میں ہے، یاسمین قریشی

لندن (آئی این پی) برطانیہ میں پاکستان کے نئے تعینات ہائی کمشنر طیب عثمان نے برطانوی پارلیمنٹ کے کشمیری نژاد ارکان سے اہم ملاقاتیں کیں، جن میں لارڈ قربان حسین، یاسمین قریشی اور دیگر ارکان شامل تھے۔ الگ الگ ملاقاتوں میں پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات، کشمیری کمیونٹی اور بالخصوص آزاد جموں و کشمیر کی تازہ صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر 27 جولائی کو آزاد کشمیر میں ہونے والے انتخابات پر بھی خیال کیا گیا۔ ملاقاتوں کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لارڈ قربان حسین نے کہا کہ ہائی کمشنر سے ملاقات تعارفی نوعیت کی تھی جس میں بر(بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ایف آئی اے کا بھرتیوں کیلئے امتحانی نتائج عارضی روکنے کا حکم

بھرتیوں کیلئے نصاب سے ہٹ کر ٹیسٹ لیا، امیدواروں کا شدید نقصان ہوا، وکیل

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو بھرتیوں کیلئے لئے گئے امتحانات کے نتائج جاری کرنے سے عارضی طور پر روکنے کا حکم جاری کر دیا۔ جسٹس اعظم خان نے شہری یاسر عرفات کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل افراسیاب احمد رانا ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ ایف آئی اے نے بھرتیوں کیلئے نصاب سے ہٹ کر ٹیسٹ لیا، جس سے امیدواروں کا شدید نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ اس بے ضابطگی پر ایف آئی اے کو بھی ایک تحریری درخواست ارسال کی گئی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے دلائل سننے کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ترقیاتی ایجنڈا، پہلے منصوبوں پر عملدرآمد رپورٹ طلب

پنجاب، سندھ، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کو مراسلہ جاری کر دیا گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاق نے صوبوں سے نئے ترقیاتی ایجنڈے اور پرانے منصوبوں پر عملدرآمد کی رپورٹ طلب کر لی۔ وفاقی حکومت نے صوبائی منصوبہ بندی وزراء کا جو تھا کر اجلاس جلد طلب کرنے کا فیصلہ کر لیا، پلاننگ کمیشن نے تمام صوبوں سے ورکنگ پیپر زفوری طلب کر لیے۔ پلاننگ کمیشن نے گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد رپورٹ 25 جولائی تک جمع کرانے کی ہدایت کی، تمام رپورٹس کا جائزہ اہم بین الصوبائی اجلاس میں لیا جائے گا، پنجاب، سندھ، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کو مراسلہ جاری کر دیا گیا، صوبوں سے زرعی، صحت، دیہا ٹائمس، ڈیا بیٹس اور ماسٹر پلان سے متعلق فیصلوں پر پیش رفت طلب کی گئی، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

گیس سیکٹر گردشی قرضے پر IMF نے نئی شرائط پیش

دونوں سرکاری گیس کمپنیوں کے نقصانات کو باضابطہ طور پر اکاؤنٹس میں بک کیا جائے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (صباح نیوز) گیس سیکٹر کے گردشی قرضے کی سیٹلمنٹ کے لیے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے نئی شرائط پیش کر دی ہیں۔ آئی ایم ایف نے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں سرکاری گیس کمپنیوں کے نقصانات کو باضابطہ طور پر اکاؤنٹس میں بک کیا جائے، جبکہ کمپنیوں کی وہ رقوم بھی نقصان قرار دی جائیں جن کی وصولی ممکن نہیں رہی۔ آئی ایم ایف نے تجویز دی ہے کہ نقصانات کو بک کرنے کے بعد گیس کمپنیوں کو دوبارہ ری کیپٹلائز کیا جائے تاکہ ان کی مالی پوزیشن بہتر بنائی جاسکے۔ آئی ایم ایف کی اس شرط پر عملدرآمد کی صورت میں گیس کمپنیوں کے شیئرز کی مالیت میں کمی کا خدشہ ہے، جس کے باعث پٹرولیم ڈویژن کے حکام ان (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم کا خلیج میں حالیہ کشیدگی پر تشویش کا اظہار

دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سرکاری حکام پر مشتمل وفد کی قیادت کر رہے ہیں

ایرانی وزیر داخلہ نے وزیراعظم، وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ثالثی کی انتھک کوششوں کو سراہا، خطے میں امن و استحکام کے لیے اپنے مضبوط عزم کا اعادہ کیا

فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہیں، پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے خلیج میں حالیہ کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہیں، پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا۔ منگل کو وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، و(بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



واشنگٹن، ڈی سی: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ہنی ویل ٹیکنالوجیز کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

بارشیں، ریسکیو 1122 راولپنڈی ہائی الرٹ، نالہ لئی میں خصوصی نفری تعینات

نالہ لئی، برساتی نالوں اور پانی کی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کیخلاف مؤثر آپریشن، کنٹرول روم الرٹ رہیں، سلمان غنی کا اجلاس سے خطاب

ڈپٹی کمشنرز نے بارشوں سے نمٹنے کیلئے انتظامات، ہنگامی منصوبہ بندی، ممکنہ خطرات اور ادارہ جاتی تیاریوں پر بریفنگ دی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں مون سون بارشوں کے حوالے سے پیشگی انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن زینیہ ہمایوں، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید ضارت علی شاہ، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، ایم ڈی واسا، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، متعلقہ محکموں کے افسران جبکہ ڈپٹی کمشنرز راولپنڈی، جہلم، مری، اٹک اور چکوال اپنے متعلقہ افسران کے ہمراہ ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ اجلاس میں تمام ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اپنے اضلاع میں مون سون بارشوں سے نمٹنے کے لیے کیے گئے انتظامات، ہنگامی منصوبہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

واشنگٹن، ڈی سی: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ہنی ویل ٹیکنالوجیز کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

بیرسٹر عقیل ملک کی آذربائیجان کے وزیر انصاف سے ملاقات

قانون، انصاف اور عدالتی اصلاحات کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا عزم

باکو (خصوصی رپورٹر) پاکستان اور آذربائیجان نے قانون، انصاف اور عدالتی اصلاحات کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق اس اتفاق کا اظہار باکو میں پاکستان کے وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک اور آذربائیجان کے وزیر انصاف فرید احمدوف کے درمیان ہونے والی ملاقات میں کیا گیا۔ ملاقات پاکستان اور آذربائیجان کی وزارت ہائے انصاف کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کے تحت باکو میں جاری دی جوڈیشل کرافٹ ایجوکیٹو جوڈیشل ٹریننگ پروگرام کے موقع پر ہوئی۔ پاکستانی وفد میں آذربائیجان میں پاکستان کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



وفاقی وزیر علی پرویز ملک کویت فارن پیٹرولیم ایکسپلوریشن کمپنی کے نائب صدر آپریشنز طارق ابراہیم سے ملاقات کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں یونین کونسلز کی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کر دیا

اسلام آباد میں یونین کونسلز کی حتمی فہرست 13 اکتوبر 2026 کو شائع کی جائے گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں یونین کونسلز کی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کر دیا، اسلام آباد میں یونین کونسلز کی حتمی فہرست 13 اکتوبر 2026 کو شائع کی جائے گی، انتظامی امور اور نقشہ جات کے حصول کا کام 22 جولائی سے 31 جولائی تک مکمل کیا جائے گا، یونین کونسلز کی ابتدائی فہرستوں کی تیاری 1 اگست سے 25 اگست تک جاری رہے گی، ابتدائی فہرست فارم 8 کے ذریعے 26 اگست 2026 کو شائع کی جائے گی، ووٹرز کی جانب سے اعتراضات 27 اگست سے 16 ستمبر تک جمع (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پاکستان کو معاشی استحکام ہی نہیں ترقی کی شاہراہ پر بھی گامزن کرنا ہے، مشیر خزانہ

پاکستان کو عالمی مالیاتی اداروں سے بڑی معاونت حاصل، مصنوعی ذہانت انشورنس سیکٹر میں انقلاب لا سکتی ہے، مشیر وزیر خزانہ

صنعت کے استعداد کار میں اضافے کیلئے ہر ممکن تعاون کیلئے تیار، حادثہ میں جاں بحق افراد کو 45 دن میں کلیمز دینگے، مراد علی

کراچی (آئی این پی) وزیر خزانہ کے مشیر عدنان پاشا نے کہا ہے کہ پاکستان کو عالمی مالیاتی اداروں سے بڑے پیمانے پر معاونت مل رہی ہے تاہم ملک کو صرف معاشی استحکام تک محدود نہیں رہنا بلکہ ترقی کی راہ پر بھی گامزن کرنا ہے، مصنوعی ذہانت انشورنس سیکٹر میں انقلاب لا سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں پہلی انٹرنیشنل انشورنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عدنان پاشا نے کہا کہ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جو ماحولیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ سندھ میں حالیہ سیلاب کے باعث دو ہزار سے زائد افراد جاں بحق ہوئے۔ مویشیوں کا بڑا نقصان ہوا، فصلیں تباہ ہوئیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



اسلام آباد: چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی NJPMC کے 61 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں پری سموگ ایکشن پلان اجلاس

ضلع بھر میں سموگ کے تدارک کے لیے آئندہ کی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں پری سموگ ایکشن پلان کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹرز) عبدالرحمٰن خان نے کی۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ضلع بھر میں اسموگ کے تدارک کے لیے آئندہ کی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسموگ کے اسباب کے خاتمے، محکموں کے درمیان با(بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پنجاب انسداد پولیو پروگرام، گرل گائیڈز ایسوسی ایشن کا مشترکہ اقدام

300 رضا کاروں کو پولیو، ویکسین بارے غلط معلومات کی نشاندہی، تربیت فراہم

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب انسداد پولیو پروگرام اور گرل گائیڈز ایسوسی ایشن نے پولیو سے متعلق درست معلومات کے فروغ، غلط معلومات کا موثر تدارک اور کمیونٹی سطح پر آگاہی بڑھانے کے لیے مشترکہ اقدام کا آغاز کر دیا ہے۔ اس شراکت داری کے تحت ابتدائی مرحلے میں پنجاب بھر سے تقریباً 300 گرل گائیڈ رضا کاروں کو پولیو، ویکسین سے متعلق غلط معلومات کی نشاندہی، مستند معلومات کی فراہمی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

چاروں صوبوں میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کا فیصلہ

ستمبر، اکتوبر اور نومبر 2026 میں بڑے اجتماعات ہونگے جمعیت علمائے اسلام (ف)

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے چاروں صوبوں میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے، ستمبر، اکتوبر اور نومبر 2026 میں بڑے اجتماعات ہونگے جس سے مولانا فضل الرحمان اور دیگر مرکزی و صوبائی قائدین خطاب کریں گے۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کے مطابق جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس عاملہ اور صوبائی امراء اور نظما کا اہم اجلاس مولانا فضل الرحمان کی صدارت میں اسلام آباد میں ہوا، اجلاس میں طویل غور وخوض کے بعد اہم فیصلے کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق جمعیت علماء (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



اسلام آباد، حضرت خواجہ امام بخش سیرانی کے شرعی و قانونی وارث ہونے کے دعویدار اور ایڈیٹر ڈیلی نامہ بہاولپور یوسف اکرم عباسی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ریکوڈک مائننگ کمپنی کا مقامی سپلائرز کی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

ریکوڈک منصوبے میں مقامی سپلائرز کی شمولیت اور خریداری کے عمل میں ان کے حصے کو بڑھانا ہے، رپورٹ

کوئٹہ (خصوصی رپورٹر) ریکوڈک مائننگ کمپنی نے بلوچستان خصوصاً ضلع چاغی کے مقامی کاروباری اداروں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اپنے پہلے ویلڈر ٹریننگ بلڈنگ پروگرام کا کامیابی سے انعقاد کیا۔ اس اقدام کا مقصد ریکوڈک منصوبے میں مقامی سپلائرز کی شمولیت اور خریداری کے عمل میں ان کے حصے کو بڑھانا ہے۔ پروگرام کے پہلے مرحلے میں تربیتی ایریا (P1) سے تعلق رکھنے والی 10 مقامی کمپنیوں کے نمائندوں کو تربیت دی گئی جس میں ہمائی، مشکبیچہ، دور بن چاہ، نوکجی، ہمال آب، کرتکہ اور چگا کے علاقے شامل ہیں۔ چغی کے مطابق اگلے مرحلے میں اس پروگرام کا دائرہ کار تربیتی ایریا 2 (نکتان، سینڈک، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

شدید بارشیں 24 جولائی تک سیلاب لینڈ سلائیڈنگ کا الرٹ جاری

دریائے جہلم، نیلم، پونچھ، دریائے مہل، بیٹار نالہ، بھمبر نالہ، کانشی دریا، جہلم و پونچھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کا امکان

بھارت کے تھین، پونگ اور بھاکھڑا ڈیمز سے اخراج کی صورت دریائے راوی اور ستلج میں پانی بہاؤ میں اضافہ ممکن، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) این ڈی ایم اے نے 24 جولائی تک ملک کے مختلف علاقوں کے لیے ممکنہ خطرات کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا۔ ترجمان این ڈی ایم اے کے مطابق دریاؤں، مقامی ندی نالوں اور پہاڑی برساتی گزرگاہوں میں اچانک سیلابی صورتحال اور پانی کے بہاؤ میں نمایاں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا گیا۔ گلگت بلتستان کے اضلاع ہنزہ، شگر اور گانچھے میں شمشال، ہنزہ، چپورسن، کلیک، شگر، شیوک اور نبتھ دریاؤں میں اچانک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ایرانی وزیر داخلہ کی پاکستان مونومنٹ آمد، سلامی پیش کی گئی

سکندر رمونی کی یادگار شہدا پر حاضری، پھول رکھے، قربانیوں کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (آئی این پی) ایرانی وزیر داخلہ سکندر رمونی نے پاکستان مونومنٹ کا دورہ کیا جہاں فیڈرل کانسٹیلری کے دستے نے ایرانی وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے، ایرانی وزیر داخلہ نے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایرانی وزیر داخلہ کو پاکستان مونومنٹ سے متعلق بریفنگ دی گئی، سکندر رمونی نے یادگار شہدا اور پاکستان مونومنٹ کی تاریخی اہمیت کو سراہا۔ فیڈرل کانسٹیلری کے دستے نے ایرانی وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے، ایرانی وزیر داخلہ نے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا

پاک نئے اہداف، اسحاق ڈار نے سفیر خلیل ہاشمی کو اہم ٹاسک سونپ دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی کو ہدایت کی ہے کہ وہ چینی وزیر خارجہ وانگ یی کے ساتھ شنگھائی میں ہونے والی حالیہ ملاقات کے دوران طے پانے والی مفاہمتوں پر فعال اور موثر انداز میں عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وہاب شاہ سٹیشن پر ٹرین پٹڑی سے اترنے کے بعد متعدد مسافر ٹرینیں منسوخ

لاہور (صباح نیوز) ٹنڈو آدم کے قریب وہاب شاہ اسٹیشن پر ٹرین پٹڑی سے اترنے کے باعث مسافر ٹرینوں کا شیڈول درہم برہم ہوگیا، جس کے باعث آج متعدد مسافر ٹرینیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آفس پاکستان ریلوے لاہور کے مطابق لاہور سے براستہ قصور کراچی جانے والی فرید ایکسپریس (38 ڈاؤن) 21 جولائی کو لاہور سے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

بارشیں، شہری، سیاح احتیاطی تدابیر اختیار کریں، ریسکیو 1122 مری

حفاظتی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے، ترجمان کی ہدایت

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری نے مون سون سیزن کے دوران شہریوں اور سیاحوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں کے باعث مری اور گردونواح میں پھسلن، ٹریفک حادثات، لینڈ سلائیڈنگ، برساتی ندی نالوں میں طغیانی اور دیگر ہنگامی صورتحال کے خدشات میں اضافہ ہوگیا ہے لہٰذا حفاظتی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے۔ ریسکیو 1122 مری کے مطابق بارش کے دوران گاڑی چلاتے وقت رفتار کم رکھی جائے، مناسب فاصلہ برقرار رکھا جائے اور پھسلن کے باعث گاڑی بے قابو ہونے یا بریک فیل ہونے جیسے خطرات کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

تنازعہ کشمیر کا شفاف حل مسئلہ پاکستان مستحکم ہوگا تو کشمیر کا مقدمہ بھی مضبوط ہوگا، رانا قاسم نون

بھارت آبادی کا تناسب بدل رہا ہے، نوجوان کشمیریوں کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کیلئے سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کریں

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی، اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹیجک سٹڈیز میں سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (کے ایم ایس) پارلیمانی کشمیر کمیٹی کے چیئرمین رانا محمد قاسم نون نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر پاکستان کا ایک بنیادی سفارتی مسئلہ ہے اور پاکستان مضبوط ہوگا تو کشمیر کا مقدمہ بھی مضبوط ہوگا۔ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد میں یوم الحاق پاکستان کے حوالے سے سیمینار سے خطاب میں رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ 19 جولائی 1947 کو کشمیری عوام نے پاکستان سے الحاق کا فیصلہ کیا اور اس مقصد کے لیے بے مثال قربانیاں دیں، بھارت مقبوضہ کشمیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وہاب شاہ سٹیشن پر ٹرین پٹڑی سے اترنے کے بعد متعدد مسافر ٹرینیں منسوخ

لاہور (صباح نیوز) ٹنڈو آدم کے قریب وہاب شاہ اسٹیشن پر ٹرین پٹڑی سے اترنے کے باعث مسافر ٹرینوں کا شیڈول درہم برہم ہوگیا، جس کے باعث آج متعدد مسافر ٹرینیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آفس پاکستان ریلوے لاہور کے مطابق لاہور سے براستہ قصور کراچی جانے والی فرید ایکسپریس (38 ڈاؤن) 21 جولائی کو لاہور سے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ٹینڈر نوٹس

ہیڈ کوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان تربت کو مندرجہ ذیل تعمیراتی اور مینٹیننس کاموں کے لئے (مالی سال 27-2026) پاکستان انجینئرنگ کونسل، انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹر شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے رواں سال کے لئے تجدید کروائی ہو ان سے ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر فرنٹیئر کور بلوچستان تربت کے نام رجسٹری یا دستی 8 اگست 2026 بوقت 11:30 تک پہنچ جانے چاہئیں۔ جو کہ بوقت 12.00 بجے ٹھیکیداروں کے روبرو ہیڈ کوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان ساؤتھ، تربت میں کھولے جائیں گے۔

تفصیل:

یونٹ / جگہ	کام کی نوعیت	تخمینہ لاگت
ہیڈ کوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان تربت، مکران سکاؤٹس، پنجگور رائفلز، آوران ملیشیا، دشت سکاؤٹس، مند ملیشیا، اور بلیدہ سکاؤٹس، قلات سکاؤٹس۔	تعمیراتی	100.120 ملین
	ریپیئر / مینٹیننس	75.647 ملین

شرائط:

1. تفصیلات کے لئے دفتری اوقات میں ورکس برانچ فرنٹیئر کور بلوچستان ساؤتھ، سے رابطہ کریں۔
2. بطور ضمانت کل لاگت کا 2 فیصد کال ڈپازٹ کی صورت میں آئی جی ایف سی کے نام جمع کروانا ہوگا۔
3. مشکوک اور کٹے پھٹے ٹینڈر قابلِ قبول نہیں ہونگے۔

لیفٹیننٹ کرنل
برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور
بلوچستان ساؤتھ، تربت
(محمد عثمان)
0852419002

PID Q 30/26

شدید بارشیں 24 جولائی تک سیلاب لینڈ سلائیڈنگ کا الرٹ جاری

دریائے جہلم، نیلم، پونچھ، دریائے مہل، بیٹار نالہ، بھمبر نالہ، کانشی دریا، جہلم و پونچھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کا امکان

بھارت کے تھین، پونگ اور بھاکھڑا ڈیمز سے اخراج کی صورت دریائے راوی اور ستلج میں پانی بہاؤ میں اضافہ ممکن، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) این ڈی ایم اے نے 24 جولائی تک ملک کے مختلف علاقوں کے لیے ممکنہ خطرات کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا۔ ترجمان این ڈی ایم اے کے مطابق دریاؤں، مقامی ندی نالوں اور پہاڑی برساتی گزرگاہوں میں اچانک سیلابی صورتحال اور پانی کے بہاؤ میں نمایاں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا گیا۔ گلگت بلتستان کے اضلاع ہنزہ، شگر اور گانچھے میں شمشال، ہنزہ، چپورسن، کلیک، شگر، شیوک اور نبتھ دریاؤں میں اچانک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پاک نئے اہداف، اسحاق ڈار نے سفیر خلیل ہاشمی کو اہم ٹاسک سونپ دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی کو ہدایت کی ہے کہ وہ چینی وزیر خارجہ وانگ یی کے ساتھ شنگھائی میں ہونے والی حالیہ ملاقات کے دوران طے پانے والی مفاہمتوں پر فعال اور موثر انداز میں عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ایرانی وزیر داخلہ کی پاکستان مونومنٹ آمد، سلامی پیش کی گئی

سکندر رمونی کی یادگار شہدا پر حاضری، پھول رکھے، قربانیوں کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (آئی این پی) ایرانی وزیر داخلہ سکندر رمونی نے پاکستان مونومنٹ کا دورہ کیا جہاں فیڈرل کانسٹیلری کے دستے نے ایرانی وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے، ایرانی وزیر داخلہ نے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایرانی وزیر داخلہ کو پاکستان مونومنٹ سے متعلق بریفنگ دی گئی، سکندر رمونی نے یادگار شہدا اور پاکستان مونومنٹ کی تاریخی اہمیت کو سراہا۔ فیڈرل کانسٹیلری کے دستے نے ایرانی وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے، ایرانی وزیر داخلہ نے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا



لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں